Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت　ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ، 22 اکتوبر 2026ء ، 10 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 179

4 اہم منصوبوں پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت اشتراک پر غور

وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور مشیر وزیراعظم برائے نجکاری محمد علی کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ، ایم 10 ، مانسہرہ- چلاس موٹروے، گوردوارہ نک ایکسپریس وے اور مری ایکسپریس وے کی توسیع کے لیے بزنس پلان کی فوری تیاری کا حکم

این ایچ اے کو 500 سے 1000 ارب روپے کا مالی طور پر خودمختار ادارہ بنانا چاہتے ہیں، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان ، نجکاری کمیشن اور پی 3 اے کی جانب سے مکمل تعاون اور سہولت کاری کی یقین دہانی

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

اسلام آباد(این ای این) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) اور نجکاری کمیشن نے اپنے ذیلی ادارے "پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی (P3A) " کے ہمراہ ایک اہم مشاورتی اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) ماڈل کے تحت شاہراہوں کے 4 بڑے منصوبوں پر عملدرآمد کی صلاحیت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ یہ اجلاس وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور مشیر (بقیہ نمبر 7)

پرائس کنٹرول مجسٹریٹ عثمان اسلم کا مختلف بازاروں کا دورہ

دکانوں پر سرکاری نرخ ناموں کی نمایاں جگہوں پر آویزانی کو یقینی بنایا گیا

عوامی ریلیف اور مفاد کا تحفظ ضلعی انتظامیہ مری کی اولین ترجیحات ہیں

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایات پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ عثمان اسلم نے باڑیاں، کھلڈنہ، رتی گلی اور کالی مٹی کے بازاروں کا دورہ کیا۔ اس دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت کو یقینی بنایا گیا۔ دورے کے (بقیہ نمبر 8)

ملتان، یتیم بچے کو کار سے کچلنے والا ملزم مقابلے میں ہلاک

ملزم ریمانڈ پر تھا اور فرار ہوگیا تھا، ملزم موٹرسائیکل پر جارہا تھا جسے روکنے کی کوشش کی گئی

ملتان (اے ایف پی) ملتان میں یتیم بچے کو کار سے کچلنے والا ملزم پولیس کے ساتھ مبینہ مقابلے میں ہلاک ہوگیا، ڈسٹرکٹ آفیسر سی سی ڈی کا دعویٰ ہے کہ ملزم ریمانڈ پر تھا اور فرار ہوگیا تھا۔ سی سی ڈی کے مطابق ملزم موٹرسائیکل پر جارہا تھا جسے روکنے کی (بقیہ نمبر 18)

خیبرپختونخوا کے دو اضلاع ڈینگی کے حوالے سے ہائی رسک قرار

کوہاٹ میں ڈینگی نے وبائی صورتحال اختیار کرلی، رواں ماہ 975 کیسز رپورٹ

پشاور (اے ایف پی) خیبرپختونخوا کے دو اضلاع پشاور و کوہاٹ کو ڈینگی کے حوالے سے ہائی رسک قرار دے دیا گیا، ضلع کوہاٹ میں ڈینگی کی صورتحال وبائی شکل اختیار کرگئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق رواں ماہ (بقیہ نمبر 17)

راجن پور، مسافر بس کو حادثہ، 10 افراد جاں بحق

واقعہ انڈس ہائی وے بنگلہ ہدایت کے قریب پیش آیا جہاں تیز رفتار بس ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی

راجن پور (اے ایف پی) راجن پور میں تیز رفتار مسافر بس حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 10 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق یہ واقعہ راجن پور میں انڈس ہائی وے بنگلہ ہدایت کے قریب پیش آیا (بقیہ نمبر 16)

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) نے اپنے جوائنٹ وینچر پروجیکٹس ونگ (JVP) کے تحت ضلع راولپنڈی کے اہم ترین علاقے میں ہاؤسنگ اسکیم کے لیے معاہدے کی یادداشت (MoU) پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا

کیپٹل سمارٹ سٹی کے حدود میں واقع 2000 کنال زمین پر جدید ہاؤسنگ اسکیم تشکیل دی جائے گی

FGEHA اور ایف ڈی ایچ ایل کے درمیان ایم او یو پر دستخط

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اور فیوچر ڈویلپمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ (FDHL) کے درمیان شراکت داری

وفاقی وزیر اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی ہدایت پر تمام جاری منصوبے مقررہ مدت اور شفافیت کے ساتھ مکمل کیے جائیں گے

مفاہمتی یادداشت وفاقی سرکاری ملازمین کے لئے جدید رہائشی منصوبوں کی ترقی کے نئے مرحلے کا آغاز ہیں

کیپٹل سمارٹ سٹی میں لینڈ شیئرنگ ماڈل کے تحت وفاقی ملازمین اور شہریوں کو عالمی معیار کی سستی رہائش میسر آئے گی، ڈی جی کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال

اسلام آباد(این ای این) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) نے اپنے جوائنٹ وینچر پروجیکٹس ونگ (JVP) کے تحت ضلع راولپنڈی کے اہم ترین علاقے میں ہاؤسنگ اسکیم کے لیے معاہدے کی یادداشت (MoU) پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا۔ یہ تقریب فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، جی 10/4 -اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وفاقی ملازمین اور شہریوں کے لیے رہائشی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم ہاؤسنگ منصوبوں کے لیے شراکت دار ادارے کے ساتھ باضابطہ ایم او یو سائن کیا گیا۔ اس ایم او یو کے تحت فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی اور فیوچر ڈویلپمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ (FDHL) کے (بقیہ نمبر 9)

سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک شخص کو سزائے موت دینے کا حکم

اسلام آباد (اے ایف پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک ملزم افتخار کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا فیصلہ سنا دیا ہے۔ (بقیہ نمبر 20)

پنجاب حکومت کا آئندہ برس صوبے بھر میں بسنت منانے کا فیصلہ

آئندہ سال مارچ کے دوسرے ہفتے پنجاب بھر میں منظم انداز میں بسنت منائی جائیگی

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب حکومت نے آئندہ برس صوبے بھر میں بسنت منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ سال مارچ کے دوسرے ہفتے پنجاب بھر میں منظم انداز میں بسنت منائی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ مخصوص مقامات پر (بقیہ نمبر 19)

سوئی ناردرن ایگزیکٹو آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابی نتائج کا اعلان

فرخ مجید بلامقابلہ صدر منتخب

سیشن 2026-28 کیلئے ای بیلٹنگ کے ذریعے الیکشن مکمل، وقاص اللہ نائب صدر جبکہ کاشف منہاس جنرل سیکرٹری بن گئے

نومنتخب عہدیداروں کا ایگزیکٹوز کے پیشہ ورانہ مفادات کے تحفظ اور باہمی مشاورت سے مسائل حل کرنے کے عزم کا اظہار

سوئی ناردرن ایگزیکٹو آفیسرز ایسوسی ایشن (SNEOA) کے نومنتخب عہدیداران کا گروپ فوٹو

اسلام آباد (این ای این) سوئی ناردرن الیکشن کمیشن کی جانب سے سوئی ناردرن ایگزیکٹو آفیسرز ایسوسی ایشن (SNEOA) کے بذریعہ الیکٹرانک ووٹنگ (ای بیلٹنگ) انتخابات 2026-2028 کے نتائج کا اعلان سوئی ناردرن ایگزیکٹو آفیسرز ایسوسی ایشن (SNEOA) کے سال 2026 تا 2028 کی مدت کے لیے انتخابات 16 اکتوبر 2026 کو الیکٹرانک ووٹنگ (ای بیلٹنگ) کے ذریعے منعقد ہوئے، جن میں ادارے بھر سے ایگزیکٹوز نے بھرپور جوش و (بقیہ نمبر 10)

سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر

سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملک بھر میں سوئی ناردرن اور سدرن کو مجموعی مقامی گیس دستیابی ایک ارب 40 کروڑ مکعب فٹ ہے جب کہ سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور قطر سے سستی ایل این (بقیہ نمبر 22)

اسحاق ڈار سے صدر مالدیپ کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کا پاکستان آمد پر پرتپاک خیر (بقیہ نمبر 21)

”تاریخِ سکندر کا گمشدہ باب“، ضلع سرگودھا کی ان کہی تاریخ سامنے لاتی ہے، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری

مقامی تاریخ محفوظ بنانے کی کاوش پر ڈائریکٹر انفارمیشن نعیم ملک کو خراجِ تحسین

یہ کتاب ضلع سرگودھا میں سکندرِ اعظم کی واپسی کے اصل راستے اور اس پر واقع آریہ تہذیب کے آثار کی دریافت پر مبنی ہے: مصنف نعیم ملک

یہ تاریخ قبل ازیں کسی مورخ نے بیان نہیں کی۔ عالمی مورخین اس علاقے سے متعلقہ سکندرِ اعظم کی تاریخ غلط لکھتے رہے ہیں، نعیم ملک

ڈائریکٹر انفارمیشن نعیم ملک ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کو سرگودھا اور سلانوالی کی گمشدہ تاریخ پر اپنی کتاب پیش کررہے ہیں

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن نعیم ملک نے ڈپٹی کمشنر سرگودھا حسین احمد رضا چوہدری سے ملاقات کی اور انہیں سرگودھا اور سلانوالی کی گمشدہ تاریخ کے موضوع پر اپنی تحریر کردہ کتاب پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس علمی و تحقیقی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرگودھا اور سلانوالی کی ان کہی تاریخ کو دریافت کرنا ایک اہم کاوش ہے، جس سے ضلع سرگودھا کے تاریخی پس منظر کو عالمی سطح پر روشناس کرانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا یہ محض ایک تحقیق نہیں بلکہ اس علاقے کے سکالرز اور طلبہ کے لیے مزید ریسرچ کے دروازے (بقیہ نمبر 11)

قومی بچت اسکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کردیا گیا

اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 11.6 فیصد سے 12 فیصد بڑھ گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) قومی بچت کی اسکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کر دیا گیا۔ اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 11.6 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد کردیا گیا ہے۔ ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کے شرح منافع کو 11.76 فیصد سے بڑھا کر 12.12 فیصد، (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015 کے قانون کے تحت کرانے کا حکم

اسلام آباد (اے ایف پی) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015 کے قانون کے تحت کرانے کا حکم دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں (بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان ملاقات، وفود کی سطح پر بات چیت

تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کی 20 مفاہمتی یادداشتوں کے تبادلے کی تقریب منعقد ہوئی

وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان ملاقات، وفود کی سطح پر بات چیت، اقتصادی، تجارتی اور سفارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے اور باہمی اعتماد و تعاون کی نئی راہیں کھولنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان اور مالدیپ کے درمیان تجارتی حجم کو 2 سال میں 13 کروڑ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک لے جانے پر اتفاق ہوا ہے، تجارت، تعلیم اور سیاحت سمیت متعدد شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ مصنوعی ذہانت، دفاع، صحت، پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کی 20 مفاہمتی یادداشتوں کے تبادلے کی تقریب منعقد ہوئی، تقریب (بقیہ نمبر 29)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ڈاکٹر راجح ابھی ملاقات کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایت پر ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

آغا ظہیر عباس شیرازی کا تمام پروجیکٹس مقررہ مدت میں مکمل کرنے کا حکم

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عمر وقار نے کی

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شوسل سروسز عمر وقار نے کی۔ اجلاس میں ضلع مری میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ان کی پیش رفت اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ (بقیہ نمبر 14)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پاکستان میں نئے تعینات ہونے والے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی البقامی گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا

بلوچستان حکومت پاسکو سے اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی، ذرائع

کوئٹہ (اے ایف پی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کرگیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت پاسکو سے اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی، پچھلے کئی ماہ سے محکمہ خوراک بلوچستان اور پاسکو کے درمیان صرف (بقیہ نمبر 28)

ناروے کے سفیر سگوالڈ ہاؤگ کی چیئرمین سی ڈی اے سے ملاقات

اسلام آباد کو جدید، ماحول دوست اور سیاح دوست شہر بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (این ای این) پاکستان میں ناروے کے سفیر مسٹر سگوالڈ ہاؤگ نے چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد، مسٹر سہیل اشرف سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی (بقیہ نمبر 27)

پاکستان میں ناروے کے سفیر مسٹر سگوالڈ ہاؤگ چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد مسٹر سہیل اشرف سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کررہے ہیں

کراچی، رکشہ گینگ کے انتہائی مطلوب 3 ملزمان گرفتار

ملزمان سے غیر قانونی اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ برآمد

کراچی (اے ایف پی) کراچی پولیس نے بلوچ پل کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد گوپانگ رکشہ گینگ کے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن میں ایک ملزم زخمی حالت میں پکڑا گیا۔ پولیس کے مطابق رات گئے ٹیپو سلطان پولیس اور شاہین فورس (بقیہ نمبر 26)

رشتہ نہ دینے پر لڑکی کے والد پر تشدد، ناک اور ہونٹ کاٹ دیئے گئے

کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث 2 مرکزی ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے

راجن پور (آئی آئی پی) محمد پور دیوان کے علاقے میں رشتہ دینے سے انکار پر لڑکی کے باپ کو تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا، ملزمان نے مبینہ طور پر متاثرہ شخص کی ناک اور ہونٹ بھی کاٹ دیئے۔ راجن پور پولیس کا کہنا ہے واقعے میں ملوث ملزمان نے لڑکی کے (بقیہ نمبر 25)

آئی پی او پاکستان کا گوجرانوالہ چیمبر میں سہولت ڈیسک قائم

ڈی جی آئی پی او نعمان اسلم شیخ نے سہولت ڈیسک کا افتتاح کر دیا، ٹریڈ مارک رجسٹریشن کا وقت دو سال سے کم ہو کر صرف 8 ماہ رہ گیا

صنعتی ترقی اور جدت کی سرپرستی کے لیے آئی پی او کا متبادل طریقۂ حلِ تنازعات (ADR) کا نظام متعارف کرانے کا اعلان

گوجرانوالہ (این ای این) انٹیلیکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان (IPO-Pakistan) نے مقامی کاروباری افراد اور صنعت کاروں کو ان کے دانشورانہ املاک کے حقوق کے تحفظ اور برانڈز کو مضبوط بنانے میں مدد فراہم کرنے کے لیے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) میں سہولت ڈیسک قائم کردیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل آئی پی او پاکستان، جناب نعمان (بقیہ نمبر 15)

گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، بی بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن میں تقریبِ حلف وفاداری اور تقسیمِ بیجز کا انعقاد

اسٹوڈنٹ کونسل عہدیداران کی حلف برداری اور بیجز کی تقسیم

اسٹوڈنٹ کونسل کا حصہ بننا اعزاز کے ساتھ اہم ذمہ داری ہے، طالبات نظم و ضبط اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دیں، پرنسپل ڈاکٹر فاطمہ گل

مہمانانِ خصوصی پروفیسر چمن یاسمین اور پروفیسر فرحت سرور کی شرکت، پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاطمہ گل کی زیرِ صدارت تقریب منعقد ہوئی

نومنتخب چیف اور وائس چیف کی شمعوں کے تبادلے کی رسم، تقریب میں مہمانانِ خصوصی کی شرکت اور طالبات کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار

راولپنڈی (این ای این) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین، بی بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن میں نوتشکیل شدہ اسٹوڈنٹ کونسل اور سوسائٹیز کے عہدیداران کے لیے ایک پروقار تقریبِ حلف وفاداری اور تقسیمِ بیجز کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمانانِ خصوصی (بقیہ نمبر 13)

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 1514 ارب قرض لیا

ستمبر 2026 کے دوران تقریباً 913 ارب روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) حکومت نے رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، جولائی سے ستمبر کے دوران مجموعی طور پر 1514 ارب روپے قرض حاصل کیا، جبکہ صرف ستمبر 2026 میں 1037 ارب روپے قرض لیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کی دستاویزات کے مطابق ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے دوران تقریبا 913 ارب (بقیہ نمبر 30)

جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد

لاہور (اے ایف پی) حکومتِ پنجاب نے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کردی۔ حکومتِ پنجاب کی جانب سے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کی گئی ہے جس (بقیہ نمبر 31)

جپسم لیز اکمل پٹ میں ساڑھے 4 کروڑ روپے کے تنازع پر اہم پیش رفت، اسسٹنٹ کمشنر کو تحریری درخواست جمع

چوآسیدن شاہ میں جپسم لیز کا تنازع شدت اختیار کر گیا

4 کروڑ 50 لاکھ روپے کی سرمایہ کاری کا دعویٰ، اکمل پٹ پر مبینہ غیر قانونی کام کا معاملہ اعلیٰ حکام تک پہنچانے کا مطالبہ

چیف انسپکٹر آف مائنز انجینئر زبیر حسین کھرل سے لیز ریکارڈ، کان کنی کے حفاظتی انتظامات اور مبینہ خلاف ورزیوں کی تحقیقات کا مطالبہ

سرمایہ کاری کے باوجود لیز مالک نے مبینہ ملی بھگت سے کام بند کرا کے دوسرے ٹھیکیدار کے حوالے کردیا، درخواست گزار سیف علی

ڈی سی چکوال سارہ حیات گوندل اور اسسٹنٹ کمشنر سے معاملے کی ضلعی سطح پر فوری مانیٹرنگ اور رپورٹ طلب کرنے کی اپیل

چیف انسپکٹر آف مائنز پنجاب سے اکمل پٹ کے ٹیکنیکل و حفاظتی معائنے اور محکمہ معدنیات کی شرائط کی جانچ کا مطالبہ

غیر قانونی سرگرمیوں کا انسداد، سالٹ مائن کے حقوق اور کان کنی میں مصروف محنت کشوں کی جان و سلامتی کا تحفظ یقینی بنایا جائے

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ جپسم لیز سے متعلق ایک اہم تنازع سامنے آ گیا ہے، جہاں سوڈھی گجر، تحصیل پنڈدادن خان، ضلع جہلم کے رہائشی سیف علی ولد محمد علی نے اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال کو تحریری درخواست دے کر مؤقف اختیار کیا ہے کہ انہوں نے مسمی اکمل ولد محمد اکرم ساکن کھوڑہ کے ساتھ مل کر جپسم لیز ML/CKL-II-Gypsum(25) کے تحت اکمل پٹ پر کام کیا اور اس منصوبے میں تقریباً 4 کروڑ 50 لاکھ روپے کی سرمایہ کاری کی۔ درخواست گزار کے مطابق معاہدے کے تحت لیز مالک کو کمیشن بھی ادا کیا جاتا رہا، جس کے ثبوت ان کے پاس موجود ہیں، تاہم ان کا الزام ہے کہ لیز مالک نے سالٹ مائن کی بنیاد بنا کر خط نمبر ML/CKL-II-Gypsum(25)/566 مورخہ 15 مئی 2024ء کے ذریعے کام بند کروا دیا۔ درخواست میں مزید دعویٰ کیا گیا ہے کہ بعد ازاں اکمل پٹ پر کام ایک دوسرے ٹھیکیدار محمد مدثر ولد محمد ارشد ساکن سوڈھی گجر کے حوالے کر دیا گیا، جہاں درخواست گزار کے بقول لیز مالک اور نئے ٹھیکیدار کی مبینہ ملی بھگت سے محکمانہ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سرگرمیاں جاری (بقیہ نمبر 12)



Govt. of Punjab
INSPECTORATE OF MINES

Subject: THE PROHIBITION OF EMPLOYMENT OF WORK PERSONS FROM THE EXCAVATION OF GYPSUM AT AKMAL PIT ON ACCOUNT OF DANGEROUS MINING AND THE REMOVAL OF CAP ROCK OF SALT UNDER SECTION 19(2) OF THE MINES ACT, 1923.

Now therefore, I Ch. Muhammad Ashraf Inspector of Mines, Chakwal (Region) Rawalpindi in exercise of powers vested in me under section 19 (2) of the Mines Act, 1923 do hereby prohibit the employment of work persons for the excavation of gypsum from Akmal Pit for the protection of rock salt deposit.

This order/notice shall come into force with immediate effect.

Inspector of Mines Chakwal (Region) Rawalpindi.

Copy to:-

1- The Chief Inspector of Mines, Punjab, Lahore.
2- The DPO Distt. Chakwal with the request to direct SHO Police Station Choa Saidan Shah for the true implementation of above said directions and to take appropriate action against the law breakers.
3- The Project Manager Punjab Minerals Developed Corporation Toba Near Lillah Interchange.
4- The Jr. Inspector of Mines Chakwal that vigilant eyes be kept upon the working at Akmal Pit.
5- The SHO, Police Station Choa Saidan Shah with the request to make

جپسم لیز اکمل پٹ میں ساڑھے 4 کروڑ روپے کے تنازع پر اہم پیش رفت، اسسٹنٹ کمشنر کو تحریری درخواست جمع

ABC Certified — MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایل پی جی کا بحران

اوگرا کی جانب سے اکتوبر کیلئے ایل پی جی کی قیمت 279 روپے فی کلو مقرر کیے جانے کے باوجود عوام تقریباً دو گنا نرخوں میں ایل پی جی خریدنے پر مجبور ہیں۔ ایک خبر کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا میں ایل پی جی کے نرخ 500 روپے فی کلو تک پہنچ چکے ہیں جبکہ بعض علاقوں میں یہ 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے۔ ایل پی جی کی قیمتوں میں یہ اضافہ مارکیٹ کی نگرانی اور قیمتوں پر مؤثر عملدرآمد کے نظام کی کمی کی نشاندہی کرتا ہے۔ قدرتی گیس کی قلت کے باعث ہونے والی لوڈ شیڈنگ کے پیش نظر گھریلو صارفین نے اس مسئلے کا حل ایل پی جی کے استعمال کی صورت میں نکالا لیکن اب یہ بھی عوامی قوتِ خرید سے باہر ہو چکی ہے اور آئندہ دنوں میں اسکی قیمت میں مزید اضافے کا امکان ہے۔

اگر حکومت گیس کی قلت دور نہیں کر سکتی تو کم از کم سرکاری نرخ نامے کی پابندی تو یقینی بنائے۔ یہ صرف ایل پی جی تک ہی موقوف نہیں بلکہ منافع خوری کی یہ روش تمام اشیائے ضروریہ کے حوالے سے رائج ہے۔ ضروری ہے کہ حکومت فوری طور پر ناجائز منافع خور عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرے' ایل پی جی مارکیٹنگ کمپنیوں اور دکانداروں کے مابین قیمتوں کے تعین کے نظام کو شفاف بنائے اور سخت نگرانی کا مؤثر نظام قائم کرے۔ اس کیساتھ ساتھ سپلائی میں مصنوعی رکاوٹوں کا خاتمہ بھی یقینی بنایا جائے تاکہ منافع خوروں کیلئے کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔

پی ٹی آئی کی سیاست کا فیصلہ کن موڑ

سلمان غنی

قومی سیاست میں احتجاج کی اپنی اہمیت وحیثیت رہی ہے جس کا بنیادی مقصد حکومتی پالیسیوں یا قومی ایشوز پر اختلاف کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کو نظرثانی اور مسائل کے حل پر آمادہ کرنا ہوتا ہے۔ پاکستان میں مختلف ادوار میں احتجاج نے سیاسی تبدیلی' جمہوری حقوق کے تحفظ' عوامی مسائل کے حل اور حکومتی پالیسیوں پر نظرثانی میں اہم کردار ادا کیا۔ احتجاج حکومت کیلئے ایک موقع بھی ہوتا ہے کہ وہ ان اسباب کا جائزہ لے اور مسائل کے حل کیلئے اقدامات کرے' لہٰذا احتجاج ایک جمہوری حق ہے لیکن اسکی کامیابی ہجوم جمع کرنے یا نظام مفلوج کرنے میں نہیں عوامی مطالبات کو قابلِ عمل فیصلوں میں تبدیل کرنے میں ہے۔ صحتمند جمہوریت میں حکومت کو اختلافِ رائے کو برداشت کرنا' اپوزیشن کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا اور ریاستی اداروں کو آئینی حدود میں رہتے ہوئے کردار ادا کرنا لازم ہوتا ہے۔ احتجاج جب مکالمے اور اصلاح کا راستہ کھولتا ہے تو جمہوریت مضبوط ہوتی ہے' لیکن جب یہ مستقل تصادم میں بدل جائے تو اسکے نقصانات ملک وقوم اور معیشت سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی کو برداشت کرنا پڑتے ہیں۔

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں اپوزیشن نے حکومتوں پر دباؤ بڑھانے اور پالیسیوں پر نظرثانی کیلئے احتجاج کو جمہوری حق کے طور پر استعمال کرنے کے بجائے اکثر اسے حکومتیں گرانے یا کمزور کرنے کا ذریعہ بنایا۔ اس طرزِ عمل سے سیاسی جماعتوں کیساتھ جمہوری نظام کو بھی نقصان پہنچا۔ سیاسی اختلاف ذاتی دشمنی میں بدل گئے' اہلِ سیاست کی حالات پر گرفت کمزور ہوئی اور سیاسی جماعتوں اور عوام کے مابین عدم وابستگی کا رجحان بڑھا۔ بڑی سیاسی جماعتوں نے جمہوریت مضبوط کرنے کے بجائے حکومتوں کو کمزور کرنے کیلئے احتجاجی تحریکوں اور لانگ مارچ کا سہارا لیا۔ حکومتیں تو نہ گریں البتہ باہمی تناؤ اور تصادم نے جمہوری نظام اور اہلِ سیاست کی عزت وتکریم کو ضرور متاثر کیا۔ نیز سیاست میں مکالمے کے بجائے ڈیڈلاک کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ آج بھی حکومت اور اپوزیشن خصوصاً پی ٹی آئی کے درمیان یہی صورتحال دکھائی دیتی ہے۔ 2013ء کے انتخابات میں خیبر پختونخوا میں کسی جماعت کو واضح اکثریت حاصل نہ ہوئی تو اس وقت کے وزیراعظم نواز شریف نے اسے صوبے میں حکومت بنانے کا موقع دیا۔ یہی سلسلہ 2024ء کے انتخابات میں بھی قائم رہا' تاہم پی ٹی آئی کی صوبائی حکومتیں صوبے کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے بجائے سیاسی مفادات کے حصول کیلئے سرگرم رہیں اور احتجاجی ومزاحمتی سیاست ان کی پہچان بن گئی۔ پی ٹی آئی کی احتجاجی سیاست کے نتیجے میں وفاقی حکومتوں پر دباؤ آیا اور دھرنوں کے باعث حکومتیں کمزور ہوئیں۔

اس پس منظر میں دیگر عوامل بھی تھے' تاہم اسی سیاسی عمل نے پی ٹی آئی کو اقتدار تک پہنچنے کا موقع دیا۔ اقتدار میں آنے کے بعد ملک وقوم کی بہتری اور مل کر کام کرنے کے بجائے سیاسی مخالفین سے نمٹنے کا سلسلہ زور پکڑ گیا۔ اس وقت کی اپوزیشن نے پی ٹی آئی حکومت سے نجات کیلئے احتجاج کیساتھ دیگر قوتوں کی تائید وحمایت بھی حاصل کر لی نتیجتاً تحریکِ عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور مسلم لیگ (ن)' پیپلز پارٹی' جمعیت علمائے اسلام اور دیگر جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم اتحاد اقتدار میں آیا۔ پی ٹی آئی نے اس تبدیلی کو قبول کرنے کے بجائے احتجاج اور مزاحمت کو اپنا ہتھیار بنا لیا۔ 9 مئی 2023ء کے واقعات کے بعد پیدا ہونیوالی صورتحال سے یہ جماعت آج تک نہیں نکل سکی اور نہ ہی اس مقصد کیلئے کوئی سنجیدہ کوشش دکھائی دیتی ہے۔ اب خیبر پختونخوا حکومت کے خاتمے کی صورت کیونکر پیدا ہوئی اور پی ٹی آئی کا لانگ مارچ نتیجہ خیز کیوں نہ ہو سکا یہ معاملات ڈھکے چھپے نہیں رہے۔ سہیل آفریدی نے وزارتِ اعلیٰ سنبھالنے کے بعد سے اپنے لیڈر کی نظروں میں خود کو سرخرو کرنے کیلئے احتجاجی سیاست کو ترجیح دی۔ انکی تیاریوں سے ظاہر ہوتا تھا کہ وہ اسلام آباد میں کوئی غیر معمولی صورتحال پیدا کرنا چاہتے ہیں جبکہ وفاق نے ایسی صورتحال پیدا نہ ہونے دینے کا عزم کر رکھا تھا۔ اس کے اثرات پی ٹی آئی کی سیاست پر بھی مرتب ہوئے۔ بعض اپوزیشن رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ احتجاج کے بجائے مذاکرات کی طرف آنا چاہیے' لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ وجہ وہی مخصوص مائنڈ سیٹ ہے جس نے وفاقی حکومت پر اثرانداز ہونے کی کوشش میں اپنی صوبائی حکومت کے خاتمے کی ہی راہ ہموار کر دی۔ اب کہا جا رہا ہے کہ حکومت نے گورنر راج کی تیاری بہت پہلے سے کر رکھی تھی۔ اگر ایسا تھا تو حکومت' اسکے ذمہ داران اور اتحادی ایمرجنسی اور گورنر راج کے معاملے پر دفاعی انداز کیوں اختیار کرتے نظر آتے ہیں؟ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے اور ایمرجنسی کے نفاذ کے حوالے سے جس ردِعمل کی توقع کی جا رہی تھی وہ بھی سامنے نہیں آیا۔ پی ٹی آئی کی قیادت جس احتجاجی بخار میں مبتلا رہی' وہ اب ٹوٹ چکا ہے۔ اپوزیشن کے کئی رہنما دبے لفظوں میں تسلیم کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ احتجاجی اور مزاحمتی سیاست نے جماعت کو اس مقام پر لا کھڑا کیا ہے جہاں اس کی آخری سیاسی پناہ گاہ بھی چھن چکی ہے۔ پی ٹی آئی اندرونی بحران سے دوچار ہے۔ سینکڑوں رہنما اور کارکن جیلوں میں ہیں لیکن ان کیلئے مؤثر آواز سنائی نہیں دے رہی۔ بعض رہنما اب احتجاجی سیاست سے نکل کر سیاسی طرزِ عمل اختیار کرنے کی بات کر رہے ہیں لیکن یہ حکمتِ عملی کامیاب ہو سکے گی یا نہیں فی الحال کچھ کہنا مشکل ہے کیونکہ پارٹی میں حتمی فیصلہ اسیر لیڈر کا ہی ہوتا ہے۔ پی ٹی آئی کی پہچان احتجاج اور مزاحمت سے منسلک کرنے میں بانی پی ٹی آئی کا بنیادی کردار ہے۔ ان کے نزدیک وفاداری احتجاجی سیاست سے وابستگی کا نام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس پالیسی پر گامزن سہیل آفریدی اب سیاسی منظرنامے سے غائب ہیں' صوبائی حکومت ان کے ہاتھ سے نکل چکی اور ان کے مورچے پر سکتہ طاری ہے۔

پی ٹی آئی کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اس کا ووٹ بینک بانی پی ٹی آئی سے وابستہ ہے اور انکی ضد کے باعث آگے بڑھنے کا راستہ بنتا نظر نہیں آ رہا۔ مذاکرات اور سیاسی معاملات کیلئے جس شخص کو اپوزیشن لیڈر بنایا گیا وہ نہ مذاکراتی سلسلہ بحال کرا سکا اور نہ ہی کوئی سیاسی راستہ نکال سکا۔ اب خود اپوزیشن کی صفوں سے آوازیں اُٹھ رہی ہیں کہ حکمتِ عملی کیساتھ ساتھ اپوزیشن لیڈر بھی تبدیل کیا جائے۔ ادھر محمود خان اچکزئی کا کہنا ہے کہ مجھے جس نے اپوزیشن لیڈر بنایا تھا وہی ہٹانے کا اختیار رکھتا ہے۔ گویا وہ اپنی ناکامی تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔ پی ٹی آئی کے اراکینِ اسمبلی کی مایوسی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ایسے افراد کو اپوزیشن قیادت کیلئے منتخب کیا گیا جس کی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں ایک ایک نشست ہے اور وہ کسی کو جوابدہ بھی نہیں۔ اب فیصلہ پی ٹی آئی کی جیل سے باہر موجود قیادت کو کرنا ہے۔ اسے اپنی جماعت کا سیاسی کردار بحال کرنے اور اسیر رہنماؤں اور کارکنوں کی رہائی کیلئے راستہ نکالنا ہوگا۔ اسی سے اس کے سیاسی مستقبل کا تعین ہوگا۔ دوسری جانب یہ حقیقت بھی واضح ہو چکی ہے کہ جو احتجاجی سیاست کبھی پی ٹی آئی کی مضبوطی کا باعث تھی وہی اب اسکی کمزوری بن چکی ہے۔ بڑے ووٹ بینک کے باوجود جماعت کا مؤثر سیاسی کردار دکھائی نہیں دے رہا۔ وہ آج تک نو مئی کے اثرات سے خود کو نکال نہیں پائی۔ اسے سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ریاست اور ریاستی اداروں کو بالواسطہ یا بلاواسطہ ہدف بنانے کا عمل اس کے پاؤں کی زنجیر بن چکا ہے۔ اس سے نجات حاصل کرنا جیل سے باہر موجود قیادت کی ذمہ داری ہے۔ اسے سمجھنا ہوگا کہ ریاستی اداروں کیخلاف سوشل میڈیا کا منفی کردار انکے کھاتے میں پڑتا ہے اور یہ اسکی موجودہ مشکلات کی بڑی وجوہ میں شامل ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آخر کب تک جیل سے باہر بیٹھے رہنما اڈیالہ کی طرف دیکھتے رہیں گے۔ کیا قیادت جیل سے کسی اشارے کی منتظر رہے گی یا پارٹی کو اس مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے خود کوئی قدم اٹھائے گی؟ اس حوالے سے آنے والے چند روز اہم ہوں گے۔

راولپنڈی کے قدیم چائے خانے

شاہد صدیقی

یہ اُن دنوں کا ذکر ہے جب راولپنڈی میں گرمیوں کی شامیں طویل اور سحر انگیز ہوتی تھیں اور ہواؤں میں چنبیلی کے پھولوں کی مہک بسی ہوتی تھی۔ یا کم از کم مجھے ایسا لگتا تھا۔ یہ وہ دن تھے جب میں گورڈن کالج میں ایم اے انگلش کر رہا تھا۔ تب ہم دوست کالج کے بعد اپنا وقت چائے خانوں میں گزارتے تھے۔ پچھلی قسط میں ٹیج بھاٹا' لالکرتی اور صدر کے چائے خانوں کا ذکر ہوا تھا۔ صدر کے چائے خانوں کے ذکر کے بعد اب ہم راولپنڈی کی مری روڈ پر واقع چائے خانوں کو یاد کرتے ہیں جو راولپنڈی کے تاریخی لیاقت باغ کے سامنے سڑک کے پار واقع تھے۔ اُن سے میں ایک پارک ہوٹل تھا۔ دراصل یہ پرانی کوٹھی تھی جسے ہوٹل میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ اس طرح کے کشادہ گھر اُن دنوں عام نظر آتے تھے۔ بعد میں اس کے برابر اور ریستوران بھی آ گئے جن میں کیفے ڈی ارشد اور الحیات ہوٹل شامل تھے۔ چونکہ ان ہوٹلوں کے سامنے ہی بس سٹاپ تھا لہٰذا یہاں پر ہر وقت لوگوں کا ایک ہجوم رہتا تھا۔ میرا الحیات ہوٹل اور کیفے ڈی ارشد کئی بار جانے کا اتفاق ہوا۔ ان تین ریستورانوں کے سامنے راولپنڈی کا تاریخی لیاقت باغ تھا۔ وہی لیاقت باغ جو کبھی کمپنی باغ کہلاتا تھا اور جو ایک جلسہ گاہ بھی تھا۔ اسی جگہ پاکستان کے دو وزرائے اعظم' لیاقت علی خان اور بینظیر بھٹو کو شہید کیا گیا تھا۔

23 مارچ 1973ء کو اسی لیاقت باغ میں حزبِ اختلاف کے اتحاد یو ڈی ایف (یونائیٹڈ ڈیموکریٹک فرنٹ) کے جلسے پر فائرنگ کی گئی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ اس فائرنگ کی منصوبہ بندی میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور اُس وقت کے گورنر پنجاب غلام مصطفیٰ کھر بھی شامل تھے' اور یہ منصوبہ بندی پارک ہوٹل میں کی گئی تھی۔ لیاقت باغ کے جلسے میں شریک نہتے شہریوں پر اچانک فائرنگ سے ہر طرف ہڑبونگ مچ گئی۔ یہ قیامتِ صغریٰ کا منظر تھا۔ لوگ جان بچانے کیلئے ادھر اُدھر بھاگ رہے تھے۔ اسی جلسہ گاہ میں ہمارا دوست اور اردو کا معروف شاعر شعیب بن عزیز بھی شامل تھا جس نے بھاگ کر پارک ہوٹل میں پناہ لی تھی۔ اس فائرنگ میں عوامی نیشنل پارٹی کے بارہ افراد شہید ہو گئے۔ وہ دن اور اُس دن سے جڑی تفصیلات آج بھی شعیب بن عزیز کے دل و دماغ میں محفوظ ہیں۔

لیاقت باغ سے ذرا آگے مری روڈ پر اگر ہم اسلام آباد کی طرف جا رہے ہوں تو دائیں ہاتھ کمیٹی چوک ہے۔ یہ راولپنڈی کا مرکزی چوک ہے جو کبھی کبھار جلسہ گاہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کمیٹی چوک کے بالکل سامنے' بائیں ہاتھ مشتاق کیفے ہوا کرتا تھا۔ مری روڈ پر واقع یہ ایک معروف کیفے تھا۔ میں کئی بار یہاں اپنے دوستوں کے ہمراہ چائے پینے گیا۔

راولپنڈی کا مصروف ترین کاروباری مرکز راجہ بازار ہے جہاں ہزاروں لوگ ہر روز خرید و فروخت کیلئے آتے ہیں۔ راجہ بازار میں دو چائے خانے افضل ہوٹل اور مقبول ہوٹل ہوا کرتے تھے۔ ان ہوٹلوں پر ہر وقت بھیڑ لگی رہتی تھی کیونکہ قریب و دور سے آنے والے خریدار یہیں پر کھانا کھاتے اور چائے پیتے تھے۔ خاص بات یہ ہے کہ ان میں سے ایک ہوٹل چوبیس گھنٹے کھلا رہتا تھا۔ راجہ بازار کے فوارہ چوک پر اکمل کیفے تھا جو چائے کا ایک اہم مرکز تھا۔ یہ وہی اکمل کیفے تھا جہاں پیپلز پارٹی کے چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو ایک رات اچانک چائے پینے کیلئے پہنچ گئے تھے۔ اگلے روز اخبارات میں یہ خبر چھپی تو اکمل کیفے سب کی نظروں میں آ گیا۔ بھٹو کا یہی عوامی انداز لوگوں کو پسند آ گیا اور 70ء کے انتخابات میں پیپلز پارٹی مغربی پاکستان کی سب سے مقبول جماعت بن کر ابھری۔ پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر الیکشن لڑنے والے غیر معروف امیدواروں نے بڑے بڑے سیاسی برجوں کو اُلٹ دیا تھا۔ راولپنڈی کے جس حلقے میں ہم رہتے تھے وہاں قومی اسمبلی کیلئے پیپلز پارٹی کے خورشید حسن میر اور ایئر مارشل (ر) اصغر خان کے مابین مقابلہ تھا۔ بھٹو کے گرفتار ہو جانے کے بعد ایئر مارشل (ر) اصغر خان نے اپوزیشن کے تاریخی جلوس کی قیادت کی تھی۔ کہتے ہیں کہ وہ کراچی کی تاریخ کا طویل ترین جلوس تھا۔ یوں اصغر خان بھٹو صاحب کی گرفتاری کے بعد اپوزیشن کے مقبول رہنما بن کر ابھرے لیکن حیرت انگیز طور پر انتخابات میں پیپلز پارٹی کے ایک غیر معروف امیدوار خورشید حسن میر کے مقابلے میں ایئر مارشل (ر) اصغر خان کی ضمانت ضبط ہو گئی۔ اسی حلقے میں پیپلز پارٹی کے صوبائی اسمبلی کے امیدوار ڈاکٹر عبدالخالق اور جاوید حکیم قریشی بھی بھاری اکثریت سے جیت گئے تھے۔

ڈاکٹر عبدالخالق گوالمنڈی کے رہنے والے تھے۔ انتہائی شریف النفس آدمی تھے۔ راولپنڈی کے باغیچی چوک میں ان کا کلینک تھا۔ ڈاکٹر خالق کے سگے بھائی کا نام منظور تھا۔ دونوں بھائی ایک دوسرے سے بالکل مختلف تھے۔ ڈاکٹر خالق اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ان کا بھائی منظور سٹریٹ سمارٹ تھا۔ منظور گوالمنڈی کے مرکزی چوک پر ایگل ہوٹل کے نام سے ایک معروف چائے خانہ چلاتا تھا۔ چوک کے وسط میں واقع یہ گوالمنڈی کا مرکزی ہوٹل تھا جہاں چائے ادھار پر ملتی تھی اور منظور وقت پر ادھار نہ چکانے والوں کے ناموں کی فہرست نمایاں جگہ پر آویزاں کرتا تھا جہاں سے سڑک پر ہر آنے جانے والے کی نظران ناموں پر پڑتی تھی۔

اب میں اپنے دلبر گورڈن کالج کا رخ کرتا ہوں جس کے مین گیٹ کے بالکل سامنے' سڑک کے اُس پار مجید ہوٹل ہوا کرتا تھا' جو دراصل ایک ڈھابا تھا۔ جب میں گورڈن کالج سے ایم اے انگلش کر رہا تھا تو ہم دوست اکثر مجید ہوٹل پر بیٹھا کرتے تھے۔ یہاں بیٹھ کر ہمیں گورڈن کالج کے جوبلی ہال کے اوپر والی منزل پر اپنا ایم اے انگلش کا کلاس روم صاف نظر آتا تھا۔ گورڈن کالج کے مین گیٹ سے کچھ ہی فاصلے پر میزبان ہوٹل تھا۔ یہ اُس زمانے کا ایک معروف ہوٹل تھا' جس کے سائن بورڈ پر "میزبان" بڑے منفرد سٹائل میں لکھا ہوا تھا۔ اب ہم گورڈن کالج کے عقبی گیٹ کی طرف چلتے ہیں۔ عقبی گیٹ سے باہر قدم رکھیں تو ایک دلآویز دنیا ہمارا انتظار کر رہی ہوتی تھی۔ کالج روڈ پر چائے خانوں اور ریستورانوں کا ایک جھرمٹ تھا۔ کالج روڈ کے ایک سرے پر سٹار ہوٹل تھا جو ایک روشن اور صاف ستھرا ریستوران تھا۔ میں دوستوں کے ہمراہ کئی بار وہاں گیا۔ ایک اور ریستوران جہاں گورڈن کالج کے استاد اور شاگرد بیٹھا کرتے تھے' قیصر ہوٹل تھا۔ قیصر ہوٹل گورڈن کالج کے عقبی گیٹ کے بالمقابل سڑک کے دوسری طرف تھا۔ یہ ہوٹل کسی نواب فیملی کا تھا جنہیں شکار کا شوق تھا۔ اس ہوٹل کے در و بام سے مالکان کا شوق جھلکتا تھا۔ قیصر ہوٹل سے کچھ فاصلے پر شبنم ہوٹل تھا۔ یہ بھی محفل آرائی کا ایک اہم مرکز تھا۔ یہ کالج روڈ کے اُن چائے خانوں کا تذکرہ ہے' جو گورڈن کالج کے طالب علموں کے ٹھکانے ہوا کرتے تھے۔ لیکن یہ تذکرہ ابھی مکمل نہیں ہوا۔ ابھی اس کے سب سے اہم باب کا ذکر باقی ہے۔ یہ باب کالج روڈ پر واقع اُس چائے خانے کے بارے میں ہے جس کی چھب سب سے نرالی تھی۔ جہاں گورڈن کالج کے طلبہ اور اساتذہ پہروں بیٹھا کرتے تھے۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ 70ء اور 80ء کی دہائی میں گورڈن کالج میں پڑھنے والا کوئی طالب علم چائے خانے کے اس مقناطیسی مرکز سے نا آشنا ہو۔ (جاری ہے)

SPORTS سپورٹس

جمال سید تیسری مرتبہ پاکستان بیک یارڈ الٹرا نیشنل چیمپئن بن گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف الٹرا رنر جمال سید تیسری مرتبہ پاکستان بیک یارڈ الٹرا نیشنل چیمپئن بن گئے۔ انہوں نے مسلسل 29 گھنٹے دوڑتے ہوئے مجموعی طور پر 194 کلومیٹر کا فاصلہ طے کیا۔ جمال سید نے 2022ء اور 2024ء کے بعد 2026ء میں بھی قومی چیمپئن شپ اپنے نام کی۔ انہوں نے اپنی کامیابی کو پاکستان اور دنیا بھر کے ان رنرز کے نام کیا ہے جو بیک یارڈ الٹرا مقابلوں میں حصہ لے کر اپنی کارکردگی سے دوسروں کے لیے مثال بنتے ہیں۔ طویل فاصلے کی دوڑ میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے جمال سید کے مطابق ان کے ریکارڈ میں 1,186 میراتھنز اور 500 اور 700 کلومیٹر کے طویل فاصلے کی دوڑیں شامل ہیں۔ انہوں نے 2022ء میں 50 گھنٹے مسلسل دوڑنے کا کارنامہ بھی انجام دیا تھا۔ اسی سال بیک یارڈ الٹرا مقابلے میں انہوں نے 50 لوپس مکمل کر کے تقریباً 335 کلومیٹر فاصلہ طے کیا، جبکہ 2024ء میں 39 لوپس کے ساتھ تقریباً 261 کلومیٹر دوڑے۔

آئی ایم سی او ور 40 کرکٹ ورلڈ کپ، پاکستان کی بھارت کو 8 وکٹوں سے شکست

عدنان اکمل اور شہریار رغنی کی نصف سنچریاں، پاکستانی بولرز نے بھارت کو 143 رنز تک محدود کر دیا

کراچی (این این آئی) گیانا میں جاری آئی ایم سی اوور 40 کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان نے اپنے دوسرے میچ میں روایتی حریف بھارت کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر شاندار کامیابی حاصل کر لی۔ بھارت کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 34.3 اوورز میں 143 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی، جبکہ پاکستان نے مطلوبہ ہدف 26.2 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ پاکستانی بلے باز عدنان اکمل اور شہریار رغنی نے 63 36 رنز کی نمایاں اننگز کھیلیں۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا، تاہم پاکستانی بولرز نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی بلے بازوں کو بڑا مجموعہ بنانے سے روک دیا۔ پاکستان کی جانب سے محمد خلیل نے 7 اوورز میں 23 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ محمد عرفان نے 6 اوورز میں 25 رنز کے عوض 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان کرکٹ ٹیم لاہور پہنچ گئی، (آج) مکمل آرام کرے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان مینز کرکٹ ٹیم راولپنڈی سے لاہور پہنچ گئی اور آج (جمعرات) مکمل آرام کرے گی۔ پاکستان نے راولپنڈی میں کھیلے گئے تین ملکی سیریز کے دونوں میچز جیت لیے۔ پاکستان نے تین ملکی سیریز کے پہلے میچ میں سری لنکا کو 37 رنز سے شکست دی۔ قومی ٹیم نے دوسرے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں انگلینڈ کو 87 رنز سے شکست دی۔ تین ملکی سیریز کا تیسرا میچ جمعرات کو انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان تین ملکی سیریز کے چوتھے میچ میں انگلینڈ کا سامنا کرے گا۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ون ڈے انٹرنیشنل میچ اتوار 25 اکتوبر کو قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

56 ویں جعفر میموریل انٹر سکول ہاکی چیمپئن شپ 24 اکتوبر سے شروع ہوگی

لاہور (این این آئی) 56 ویں سالانہ جعفر میموریل انٹر سکول ہاکی چیمپئن شپ 2026ء کا آغاز 24 اکتوبر بروز ہفتہ سے ایچی سن کالج لاہور کے زیر اہتمام ڈیسوٹرف ایچی سن کالج لاہور کی گراؤنڈ میں ہوگا۔ جس میں لاہور سمیت پنجاب بھر سے 27 ٹیموں کے درمیان میچز 32 کھیلے جائیں گے۔ چیمپئن شپ کا باضابطہ افتتاح 25 جبکہ میچز کا آغاز 24 اکتوبر سے ہوگا۔ ڈائریکٹر ٹورنامنٹ عمر زمان کے مطابق پہلے روز کھیلے جانے والے میچز میں گورنمنٹ ہائی سکول شاہدرہ کا مقابلہ گورنمنٹ فرقان شہید ہائی سکول شیخوپورہ صبح ساڑھے 12 بجے مدمقابل ہوں گے۔ دوسرا میچ نوبل ایمز سکول تلے اعلیٰ کامونکی اور گورنمنٹ پائلیٹ سیکنڈری سکول وحدت روڈ دوپہر 2 بجے آمنے سامنے ہوں گے۔ تیسرے میچ میں گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول قصور اور کیمپس بوائز ہائی سکول کے ساتھ ساڑھے تین بجے کھیلے گا۔

ون ڈے رینکنگ، عرفات منہاس کی لمبی چھلانگ، سلمان آغا اور حارث رؤف کی بھی ترقی

اسلام آباد (این این آئی) سلمان علی آغا اور حارث رؤف کو آئی سی سی ون ڈے رینکنگ میں بہتر کارکردگی کا صلہ مل گیا۔ آئی سی سی کی جانب سے جاری کردہ نئی ون ڈے رینکنگ کے مطابق بلے بازوں میں پاکستان کے بابر اعظم کی ساتویں پوزیشن برقرار ہے جبکہ سلمان علی آغا ایک درجہ ترقی پا کر بارہویں پوزیشن پر آ گئے۔ دوسری جانب محمد رضوان اور فخر زمان تین تین درجے تنزلی سے بالترتیب 35 ویں اور 44 ویں جبکہ صائم ایوب آٹھ درجے تنزلی سے 45 ویں پوزیشن پر چلے گئے۔ بولنگ میں ابرار احمد کی دوسری اور شاہین آفریدی کی آٹھویں پوزیشن برقرار ہے۔ حارث رؤف دو درجے ترقی سے 12 ویں، نسیم شاہ چار درجے ترقی سے 45 ویں اور عرفات منہاس 33 درجے ترقی پا کر 38 ویں پوزیشن پر آ گئے۔

SHOWBIZ شوبز

اداکارہ اعجاز اسلم کی بعض گناہوں کو معمول کی بات سمجھنے کے رجحان کی نشاندہی

لوگ بعض گناہ کے کاموں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ اب انہیں گناہ تصور بھی نہیں کرتے

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکار اعجاز اسلم نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام شیئر کیا ہے، جس میں معاشرے میں بعض گناہوں کو معمول کی بات سمجھنے کے رجحان کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اداکار کے پیغام میں روزمرہ استعمال ہونے والے الفاظ اور اصطلاحات جیسے ڈرنک، ڈیٹ، چائے پانی، سود، فیشن اور دوستی کا ذکر کرتے ہوئے ان کے ساتھ ایسے اعمال کی جانب توجہ دلائی گئی ہے جنہیں دینی اعتبار سے گناہ سمجھا جاتا ہے۔ پیغام کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ لوگ بعض گناہ کے کاموں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ اب انہیں گناہ تصور بھی نہیں کرتے۔ انہوں نے زور دیا ہے کہ انسان اپنے اعمال کے لیے استعمال ہونے والی زبان اور اصطلاحات پر غور کرے۔

ٹائیگر شروف پر حملے کے بعد سلمان خان پہلی بار منظرِ عام پر آ گئے

18 اکتوبر کو قاتلانہ حملے کی کوشش کے بعد فلمی صنعت میں سنجیدہ فضا چھائی ہوئی ہے

ممبئی (این این آئی) حال ہی میں بالی ووڈ اداکار ٹائیگر شروف پر ہونے والے حملے کے بعد سلمان خان گزشتہ روز پہلی بار منظرِ عام پر آئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق دبنگ اداکار کو ممبئی کے نجی ایئرپورٹ پر مسلح سیکیورٹی اہلکاروں کے حصار میں دیکھا گیا۔ اداکار ٹائیگر شروف پر 18 اکتوبر کو قاتلانہ حملے کی کوشش کے بعد فلمی صنعت میں سنجیدہ فضا چھائی ہوئی ہے، اس واقعے کے سلسلے میں اب تک 4 افراد کو حراست میں لیا جا چکا ہے۔ مہاراشٹر کے نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ٹائیگر شروف سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کے بعد تمام معروف شخصیات کی سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لینے کی یقین دہانی کرائی تھی اور بظاہر اس عمل کا آغاز ہو چکا ہے۔

OFFICE OF THE DISTRICT COUNCIL, RAWALPINDI

TENDER NOTICE

Bids are hereby invited for the following M&R scheme on item rate on EP system as per PPRA rules from approved contractors for the current Financial year 2026-2027 on following terms and conditions:-

1. The bidding documents are available on PPRA website & EP system which shall be submitted on EP system from the date of publication to **04-11-2026** at **11:00 AM.**
2. All the received bids will be opened on the same date i.e. **04-11-2026** at **02:00 PM** in the office of District Council Rawalpindi by the Tender Opening Committee in the presence of contractors or their authorized representatives.
3. It is compulsory on all participating contractors to quote their rates as per PPRA rules, the rates should be quoted as item wise rates on EP system.
4. If the contractor quoted lowest tender rates more than 5% of the estimated cost, the lowest bidder shall be bound to deposit performance security from the scheduled bank within 15 days of issuance of notice. If fails to deposit the required amount, 5% earnest money will be forfeited in the favor of District Council, Rawalpindi and re-tendering shall be initiated.
5. All the contractors will be bound to quote their rates item wise in figures against each item.
6. Over writing, doubling, cutting, tempering, doubtful and incomplete bids will not be acceptable.
7. At the site of work installation of caution boards containing message regarding prevention against human, animals and financial loss will be the responsibility of contractor.
8. The details of following tender notice can also be visited on PPRA website at www.ppra.punjab.gov.pk and www.ep.punjab.gov.pk (EP system).
9. The URL of this Tender Notice is https://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx and response time for the tender noted below shall be calculated from the date of publication of PPRA website. This tender notice has been published on PPRA website on 19-10-2026.

S.No	Name of Scheme	Estimated Cost	5% Bid Security	TS No. & Date
1.	Rehabilitation of Retaining Wall Sharki Qazian UC Qazian Tehsil Gujar Khan	Rs. 3611000/-	180550/-	No. 373/MO(I)/MCR dated 17-09-2026
2.	Rehabilitation of Street from Darya Gali Bazar towards Nizamia Islamic Center UC Darya Gali Tehsil Murree District Council Rawalpindi	Rs. 8186000/-	409300/-	No. 392/I&S/DCR dated 05/10/2026
3.	Construction of Boundary Wall Graveyard at Village Bhangali Gujar Tehsil Gujar Khan	Rs. 19100000/-	955000/-	No. 393/I&S/DCR dated 05/10/2026
4.	Rehabilitation of Link Road Village Bhadhana UC Thatha Khalil Tehsil Taxila. District Council Rawalpindi	Rs.19960000/-	998000/-	No. 401/I&S/DCR dated 16/10/2026
5.	Rehabilitation of Road from House Malik Arsalan Multi Towards Village Chokar UC Thatha Khalil Tehsil Taxila District Council Rawalpindi	Rs.19843000/-	992150/-	No. 402/I&S/DCR dated 16-10-2026

Chief Officer,
Distict Council, Rawalpindi

IPL-11187

CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

PROCUREMENT & CONTRACTS AGREEMENT-II

URAAN PAKISTAN

INVITATION FOR BIDS

NAME OF WORK: TENDER NOTICE FOR ARCHITECTURAL ILLUMINATION OF ELECTION COMMISSION, FEDERAL CONSTITUTIONAL COURT, FEDERAL OMBUDSMAN, AG OFFICE, COMSTECH, KOHSAR BLOCK, MINISTRY OF FOREIGN AFFAIRS, ISLAMABAD HIGH COURT ETC. AT CONSTITUTION AVENUE ISLAMABAD.

i. Capital Development Authority invites electronic Bids from eligible Bidders for procurement of subject works on Single Stage - Two Envelope Procedure as per Rule-36(b) of PPRA from contractors / firms duly registered with PPRA on **EPADS v2.0**, having valid Pakistan Engineering Council (PEC) License with Category-4 & specific codes EE-04 & EE06, valid Electrical License issued by Electrical Inspector Islamabad for execution of Electrical & Mechanical Works in Rawalpindi / Islamabad and NTN & GSTN registration with FBR and who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the evaluation criteria of Bidding Document. The NIT cost of the project is Rs.144,918,337/-.

ii. Electronic Request for Proposal document containing detailed requirements, terms and conditions is available for the registered bidders on EPADS v2.0 at https://vendors.epads.gov.pk/.

iii. The e-bids prepared in accordance with the instruction in the bidding documents must be submitted through EPADS v2.0 on or before **November 12, 2026** at **12:00 AM.** The e-bids will be opened using EPADS v2.0 on the same day at **12:00 AM.**

iv. The bidders should submit original Bid security amounting to Rs.4,347,550/- in the form of CDR in favor of DDO (P&C), CDA at the time of technical bid opening and scanned copy of the bid security should be uploaded on EPADS.

v. Notification of GRC constituted in terms of Rule-48 of Public Procurement Rule, 2004 is provided on **EPADS v2.0.**

PID (I) 3664/26

DEPUTY DIRECTOR E&M (P&CA-II), CDA
Room No. 21 (First Floor), Block – 03,
CDA Head Quarters G-7/4, Islamabad. Phone 051-9252412

بقیہ 1

جناب نعمان اسلم شیخ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ ان کے ہمراہ جناب معید امان رانا، ڈائریکٹر/انچارج، آئی پی او پاکستان ریجنل آفس لاہور، اور محترمہ شگرہ خورشید، سینئر ایگزامینر (پیٹنٹس) بھی موجود تھیں۔سیشن میں کاروباری مفادات کے تحفظ، جدت کے فروغ اور مقامی مصنوعات کی مسابقتی صلاحیت میں اضافے کے لیے ٹریڈ مارک کی رجسٹریشن، برانڈ کے تحفظ، پیٹنٹس اور صنعتی ڈیزائنز کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل نے اس بات پر زور دیا کہ ائی پی او کاروبار کا ایک قیمتی اثاثہ ہے۔انہوں نے کاروباری افراد اور صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنی ایجادات، برانڈز اور ڈیزائنز کے تحفظ کے لیے مناسب اقدامات کریں۔اس سیشن نے آئی پی او پاکستان اور مقامی صنعتی برادری کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے کا موقع فراہم کیا۔ APAUMA کے ساتھ یہ اشتراک ائی پی او سے متعلق آگاہی بڑھانے اور کاروباری اداروں کو اپنے دانشورانہ اثاثوں کے تحفظ کیلئے ہے۔

بقیہ 2

نے اپنے اپنے شعبوں میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں، حکومتی منصوبوں اور فلاحی اقدامات کے حوالے سے بریفنگ پیش کی۔ اجلاس میں چکوال کے دیگر پارلیمنٹیرینز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، جبکہ ضلع چکوال اور تلہ گنگ کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ضلعی و تحصیل سطح کے اعلیٰ افسران بھی شریک ہوئے ۔ اجلاس کو ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، مختلف سرکاری اسکیموں پر عمل درآمد اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی کے حوالے سے باہمی رابطے اور جائزے کا اہم فورم قرار دیا جا سکتا ہے۔عوامی حلقوں کی توقع ہے کہ اجلاس میں زیرِ بحث منصوبوں پر مؤثر عمل درآمد سے علاقے میں ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملے گی اور عوام کو حکومتی فلاحی اقدامات کے ثمرات بہتر انداز میں میسر آئیں گے۔

بقیہ 3

تاہم شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ صاف فضا کے تحفظ کے لیے اقدامات کسی ایک مقام تک محدود نہیں رہنے چاہییں۔ دوسری جانب عوامی و سماجی حلقوں نے چکوال روڈ چوآ سیدن شاہ کی آبادی اور مین روڈ کے اطراف موجود کریش پلانٹس اور کوئلہ پڑوں کے حوالے سے بھی سوالات اٹھاتے ہوئے پوچھا ہے کہ اگر رہائشی علاقے میں دھواں پیدا کرنے والی سرگرمی کے خلاف کارروائی ممکن ہے تو دیگر مقامات پر ماحولیاتی اثرات کا جائزہ لینے اور قانون پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کب کیے جائیں گے؟ عوامی حلقوں نے پنجاب انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (EPA)، محکمہ تحفظ ماحول و موسمیاتی تبدیلی پنجاب، محکمہ ماحولیات چکوال اور مقامی انتظامیہ چوآ سیدن شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ کریش پلانٹس اور کوئلہ پڑوں کی سرگرمیوں کا ماحولیاتی وقانونی جائزہ لیا جائے، اخراج دھواں اور فضائی آلودگی کی جانچ کرائی جائے اور جہاں خلاف ورزی ثابت ہو وہاں بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کا بنیادی سوال یہ ہے کہ ملحقہ آبادیوں سمیت پورے چوآ سیدن شاہ کے مکینوں کو سانس لینے کے لیے صاف، صحت بخش فضا کب میسر آئے گی؟ عوامی حلقوں کے مطابق ماحول کا تحفظ محض اعلانات یا وقتی کارروائیوں سے نہیں بلکہ مسلسل نگرانی، یکساں قانون کے نفاذ اور ذمہ دار اداروں کی عملی کارکردگی سے ممکن ہے۔اب دیکھنا یہ ہے کہ کباڑ خانے کے خلاف کارروائی کے بعد متعلقہ حکام چکوال روڈ اور دیگر متاثرہ مقامات پر بھی کب متحرک ہوتے ہیں اور شہریوں کو فضائی آلودگی سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا مؤثر اقدامات کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 4

کے قریب تجاوزات کا یہ عالم فورس کی نگرانی اور عملی کارکردگی پر سنگین سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا کہ گوجر خان میں پیرا فورس کی کارکردگی اور سرکاری وسائل کے استعمال کا حساب لیا جائے۔ان کا کہنا ہے کہ اگر اہلکار باقاعدہ پیٹرولنگ کرتے ہیں تو شہر کی کھلی تجاوزات انہیں نظر کیوں نہیں آتیں؟ اور اگر گشت ہی نہیں ہوتا تو حکومت کی جانب سے فراہم کردہ فیول کہاں خرچ کیا جا رہا ہے؟ شہریوں نے مبینہ چشم پوشی کے اسباب کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ تجاوزات کے خلاف کارروائی نہ ہونے کے پیچھے کوئی غیر قانونی مفاد تو کارفرما نہیں، متعلقہ حکام اس حوالے سے وضاحت دیں۔ شہریوں کے مطابق جس فورس کو تجاوزات ختم کرانے کے لیے بنایا گیا، اگر وہ شہر کی بند گزرگاہیں اور بازاروں کی بدنظمی دور نہیں کر سکتی تو اس کی افادیت اور قومی خزانے پر پڑنے والے بوجھ کا جائزہ ناگزیر ہے۔ پنجاب حکومت واضح کرے کہ گوجرخان میں تجاوزات بڑھنے کے باوجود پیرا فورس کی کارکردگی پر جواب دہی کیوں نہیں ہو رہی اور عوام کے راستے واگزار کرانے کی ذمہ داری کون پوری کرے گا؟

بقیہ 5

وقار اتحاد اور تنظیمی مضبوطی کو برقرار رکھیں انہوں نے کہا کہ تمام عہدیداران اور کارکنان کو چاہیے کہ وہ باہمی اختلافات کو افہام و تفہیم سے حل کریں ذمہ دارانہ رویہ اختیار کریں اور ایسا کوئی اقدام یا بیان دینے سے گریز کریں جس سے پارٹی کے مخالفین کو تنقید یا جگ ہنسائی کا موقع ملے سیاسی کارکن کی پہچان اس کا نظم وضبط اخلاق سنجیدگی اور جماعت کے ساتھ مخلصانہ وابستگی ہوتی ہے چوہدری شاہ نواز رانجھا نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) ایک منظم جماعت ہے اور اس کی ترقی و کامیابی کے لیے تمام ساتھیوں کو پارٹی قیادت کی پالیسیوں اور تنظیمی فیصلوں کا احترام کرتے ہوئے باہمی اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے کارکنان اپنی تمام تر توجہ حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی ترویج عوامی خدمت پارٹی کے مثبت تشخص اور تنظیمی استحکام پر مرکوز رکھیں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) سرگودھا سٹی کے تمام عہدیداران اور کارکنان ذمہ داری برداشت اور اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے جماعت کے وقار کو مقدم رکھیں گے اور اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق کو مزید مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ 6

کی کل ملکی پیداوار میں پنجاب کا حصہ 70 فیصد سے زائد ہے۔ رواں برس راولپنڈی ڈویژن میں 16 لاکھ ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی جائے گی۔ اب تک 5 لاکھ 8 ہزار ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کاشت کی جا چکی ہے، گندم کی کاشت کا دورانیہ 15 نومبر تک جاری رہے گا۔ کسانوں کو آگاہی فراہم کرنے کے لیے کسانوں کے ساتھ ڈویژن بھر میں نشستیں ہوئی اور آگاہی واک کا اہتمام بھی کیا گیا۔ کسانوں کو زرعی لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔ مارکیٹوں میں گندم کے بیج اور کھادیں وافر مقدار میں موجود ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر ریونیو راولپنڈی جام آفتاب حسین نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی زراعت دوست پالیسی سے کسان مستفید ہو رہے ہیں اور شعبہ زراعت ترقی کر رہا ہے۔ کسان خوشحال ہوگا تو زراعت کا شعبہ مزید ترقی کرے گا۔ ملکی معیشت میں زراعت انتہائی اہمیت کی حامل فصل ہے۔ راولپنڈی ڈویژن میں گندم کی کاشت کے لیے مقررہ ٹارگٹ کا حصول یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ گندم کے بیج کی حکومتی نرخ پر فروخت نہ صرف یقینی بنائی جا رہی ہے بلکہ اسکی مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری ہے۔

بقیہ 7

وزیراعظم برائے نجکاری محمد علی کی مشترکہ صدارت میں اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران نجی شعبے کی شمولیت کے لیے مختلف ہائی وے نیٹ ورکس کی تجارتی افادیت اور مالیاتی امکانات پر غور کیا گیا۔ زیر بحث تجاویز میں ایم 10- موٹروے کے 169 کلومیٹر کے سیکشن کو پی پی پی فریم ورک کے تحت مکمل کرنے پر غور شامل تھا۔ اس کے علاوہ مانسہرہ، ناران، جھالکنڈ، چلاس موٹروے کی تعمیر کے آپشن کا جائزہ بھی لیا گیا تاکہ اس روٹ کو چین کی سرحد سے جوڑا جا سکے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے اشارہ دیا کہ مجوزہ "گوردوارہ ایکسپریس وے" سکھ کمیونٹی کے لیے مذہبی سیاحت کے فروغ میں انتہائی اہمیت کی حامل ہے، جس کے باعث یہ پی پی پی ماڈل کے تحت ترقی کے لیے بہترین امیدوار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مری ایکسپریس وے کو آزاد جموں و کشمیر (اے جے کے) تک توسیع دینے سے خطے میں سیاحت اور مقامی تجارت کو گرانقدر فروغ مل سکتا ہے۔ ان اختیارات کا مزید باریک بینی سے جائزہ لینے کے لیے وفاقی وزیر مواصلات نے این ایچ اے حکام کو باقاعدہ بزنس پلان تیار کرنے اور ایسے منصوبے ترجیحی بنیادوں پر سامنے لانے کی ہدایت کی جنہیں آسان انداز میں مارکیٹ کیا جا سکے۔ انہوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت زیر تعمیر سیالکوٹ-کھاریاں موٹروے (ایم 12-) کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ این ایچ اے کے ریونیو میں نمایاں اضافہ مالی خودمختاری کی طرف مثبت پیش رفت کو ظاہر کرتا ہے۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کی خواہش ہے کہ این ایچ اے کو 500 سے 1000 ارب روپے کا مالی طور پر خودمختار ادارہ بنایا جائے تاکہ وفاقی ترقیاتی پروگرام (PSDP) اور سرکاری فنڈز پر اس کا انحصار کم ہو سکے۔ مشیر وزیراعظم برائے نجکاری محمد علی نے ان تمام اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے نجکاری کمیشن اور پی 3 اے کی جانب سے مکمل تعاون اور سہولت کاری کی یقین دہانی کرائی۔ دونوں فریقین نے ابتدائی فنی کام کو فوری مکمل کرنے اور ایک ہفتے بعد نتائج کے جائزے کے لیے دوبارہ اجلاس منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے، نجکاری کمیشن کے کارپوریٹ ہیڈ اور پی 3 اے کے سینئر نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 8

دوران دکانوں پر سرکاری نرخ ناموں کی نمایاں جگہوں پر آویزانی کو یقینی بنایا گیا اور دکانداروں کو سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ اس اقدام کا مقصد ناجائز منافع خوری کی روک تھام، صارفین کے حقوق کا تحفظ اور عوام کو مناسب قیمتوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ عوامی ریلیف اور مفاد کا تحفظ ضلعی انتظامیہ مری کی اولین ترجیحات ہیں۔

بقیہ 9

درمیان شراکت داری کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس معاہدے کے تحت تحصیل وضلع راولپنڈی میں کیپٹل سمارٹ سٹی کی حدود میں واقع 2000 کنال زمین پر جدید ہاؤسنگ اسکیم تشکیل دی جائے گی۔ یہ پروجیکٹ "لینڈ شیئرنگ ماڈل (Land Sharing Model)" کے تحت تیار کیا جائے گا۔ تقریب میں FDHL کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد ندیم اسلم اور ایف جی ای ایچ اے کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اتھارٹی حکام کا کہنا تھا کہ اس شراکت داری سے وفاقی ملازمین اور عام شہریوں کو عالمی معیار کی جدید رہائشی سہولیات کی بروقت اور شفاف فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ ڈی جی (FGEHA) کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال کا کہنا تھا کہ کیپیٹل سمارٹ سٹی ایک جدید، خوبصورت اور بہترین طرز زندگی کا حامل منصوبہ ہے، جہاں رہائش کے ساتھ ساتھ زندگی کی تمام بنیادی اور جدید سہولیات کو ایک ہی جگہ فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ یہاں معیاری سکولز، کمیونٹی سینٹرز، مساجد، پارکس، کھیلوں کی سہولیات، کمرشل ایریاز، صحت کی سہولیات اور دیگر بے شمار ضروریات زندگی موجود ہیں۔ کشادہ سڑکیں، خوبصورت گرین بیلٹس، منظم انفراسٹرکچر اور جدید شہری سہولیات اسے ایک مثالی رہائشی منصوبہ بناتی ہیں۔ مختصراً کیپیٹل سمارٹ سٹی صرف ایک ہاؤسنگ سوسائٹی نہیں بلکہ ایک ایسا مکمل اور جدید شہر ہے جہاں خاندانوں کو آرام، سہولت، تفریح اور بہتر مستقبل سب کچھ ایک ہی جگہ میسر آتا ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کی جانب سے چیف انجینئر سید محمد حسن اور FDHL کی جانب سے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد ندیم اسلم نے معاہدے کی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے ۔ ہاؤسنگ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق اس منصوبے کی بدولت ضلع راولپنڈی اور گردونواح کے وفاقی ملازمین کو باعتماد، محفوظ اور جدید سہولیات سے آراستہ رہائش گاہیں فراہم کی جا سکیں گی۔ مفاہمتی یادداشت وفاقی سرکاری ملازمین کے لیے جدید رہائشی منصوبوں کی ترقی کے نئے مرحلے کا آغاز ہے۔ FGEHA کی جانب سے نجی شعبے کے ساتھ اس شراکت داری کا مقصد دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے معیاری، منظم اور جدید رہائشی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈی جی (FGEHA) کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ سرکاری ملازمین کے لیے سستی اور معیاری رہائش کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کی ایک بڑی پیش رفت ہے۔ یہ معاہدہ وفاقی حکومت کے رہائشی منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ماڈل پر آگے بڑھانے کے عزم کی ایک روشن مثال ہے۔ ڈی جی (FGEHA) کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے اجلاس کے دوران بتایا کہ اتھارٹی نے وفاقی سرکاری ملازمین کو رہائشی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ اسلام آباد اور کراچی میں مختلف رہائشی منصوبے کامیابی سے مکمل کیے جا چکے ہیں جبکہ کئی منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ ڈی جی (FGEHA) کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے کہا کہ محترم وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس اور جناب سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی ترجیح ہے کہ سرکاری ملازمین کو محفوظ، معیاری اور سستی رہائش فراہم کی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور شفافیت کو اولین ترجیح دی جائے۔ ڈی جی FGEHA نے یقین دہانی کرائی کہ اتھارٹی اپنے تمام جاری منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرے گی اور رہائشی سہولیات کو عالمی معیار کے مطابق بہتر بنائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈی جی (FGEHA) کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال نے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 10

خروش کے ساتھ حصہ لیا۔ انتخابات میں جناب فرخ مجید بالا ایسوسی ایشن کے صدر منتخب ہو گئے ۔ دیگر کامیاب امیدواروں میں جناب وقاص اللہ خان (نائب صدر)، جناب کاشف منہاس (جنرل سیکرٹری)، جناب وہیب افتخار (جوائنٹ سیکرٹری)، جناب ضیاء الرحمٰن (سوشل سیکرٹری)، محترمہ مدیحہ اسد (فنانس سیکرٹری) اور مسز نازیہ رشید (انفارمیشن سیکرٹری) شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، ایگزیکٹو کمیٹی کے لیے آٹھ اراکین بھی منتخب ہوئے ۔ سوئی ناردرن کے الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل کو مؤثر اور منظم انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ نو منتخب عہدیداران ایسوسی ایشن کو مزید مستحکم بنانے، ایگزیکٹوز کے پیشہ ورانہ مفادات کے تحفظ، تمام اراکین کی شمولیت کو فروغ دینے اور باہمی مشاورت، تعمیری مکالمے اور اجتماعی کاوشوں کے ذریعے اراکین کے مسائل کے حل کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 11

کھولے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرگودھا اگرچہ نیا شہر ہے تاہم اس میں واقع بھیرہ اور ساہیوال کا شمار قدیم آبادیوں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس علاقہ میں برطانوی راج کے نو آبادیاتی دور کی تاریخ بھی مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں احمد نعیم ملک نے کتاب کا مختصر خاکہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب نہ صرف ضلع سرگودھا میں موجود سکندر اعظم کی تاریخی واپسی کے اصل راستے اور اس پر واقع قدیم ہندو تہذیب کو دریافت کرتی ہے بلکہ پاکستان، برطانیہ، انڈیا، جرمنی، آسٹریلیا اور امریکہ سمیت کئی ممالک کے مشہور محققین اور مورخین کی غلط تاریخ نویسی کو بھی سامنے لاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انکی دوسری زیرِ طبع کتاب تحصیل سلانوالی کی تاریخ پر مبنی ہے جس میں نہ صرف اس علاقے کی قدیم تاریخ کا احاطہ کیا گیا ہے بلکہ برطانوی حکومت کی آباد کردہ لوئر جہلم کینال کالونی کے تمام مراحل کا ریکارڈ مرتب کیا گیا ہے جس میں نہروں، ریلوے اور سڑکوں کی تعمیر سے لے کر چکوک اور منڈی قصبوں کی آبادکاری تک ہر ایک تفصیل دی گئی ہے۔

بقیہ 12

ہیں۔ سیف علی نے اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر متعلقہ مقام کا معائنہ کرایا جائے اور لیز و محکمانہ ریکارڈ کی روشنی میں کام کی قانونی حیثیت کا تعین کیا جائے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات گوندل سے بھی اپیل کی ہے کہ ضلعی سطح پر معاملے کی نگرانی کرتے ہوئے متعلقہ محکموں سے رپورٹ طلب کی جائے اور کسی بھی خلاف ورزی کی تصدیق ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔ درخواست گزار نے چیف انسپکٹر آف مائنز پنجاب انجینئر زبیر حسین کھرل سے مطالبہ کیا ہے کہ اکمل پٹ کا تکنیکی اور حفاظتی معائنہ کرایا جائے، متعلقہ لیز کی شرائط اور محکمہ معدنیات کے احکامات کی جانچ کی جائے اور کان کنی کے دوران مزدوروں کی جان و سلامتی کے تقاضوں کا جائزہ لیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ محکمہ معدنیات کی جانب سے جاری کردہ خط کی نقل درخواست کے ساتھ منسلک ہے اور متعلقہ اداروں کو بھی اس معاملے سے آگاہ کیے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ سیف علی نے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کروا کر سالٹ مائن کے حقوق کا تحفظ کیا جائے، کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کو قانون کے مطابق روکا جائے اور کان کنی میں مصروف محنت کشوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے ۔ درخواست گزار کی جانب سے پیش کیے گئے الزامات کی آزادانہ تصدیق، لیز ریکارڈ کی جانچ اور متعلقہ فریقین کا مؤقف سامنے آنا ابھی باقی ہے۔ اب متعلقہ انتظامی و محکمانہ حکام کی جانب سے اس درخواست پر کارروائی اور معاملے کی حقیقت واضح ہونے کا انتظار ہے۔

بقیہ 13

پروفیسر چمن یاسمین اور پروفیسر فرحت سرور، سابق پرنسپل ڈھوک حسو کالج تھیں، جبکہ کالج کی پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاطمہ گل نے تقریب کی صدارت کی۔ اس موقع پر اساتذہ کرام اور فیکلٹی ممبران نے بھی بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا۔ بعد ازاں مہمانانِ خصوصی اور پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاطمہ گل نے منتخب طالبات میں ان کے عہدوں کے مطابق بیجز تقسیم کیے۔ نو منتخب عہدیداران سے کالج کے قوانین کی پاسداری، نظم وضبط برقرار رکھنے اور اپنے فرائض دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دینے کا حلف لیا گیا۔ اس موقع پر نو منتخب چیف اور وائس چیف نے شمعوں کے تبادلے کے ذریعے اپنی ذمہ داریوں کی منتقلی کی رسم بھی ادا کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر فاطمہ گل نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اسٹوڈنٹ کونسل کا حصہ بننا محض ایک اعزاز نہیں بلکہ ایک اہم ذمہ داری بھی ہے۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنے کردار، نظم وضبط، محنت اور ذمہ دارانہ رویے سے دیگر طالبات کے لیے بہترین مثال قائم کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ طالبات کو تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بھرپور حصہ لینا چاہیے، کیونکہ ایسی سرگرمیاں ان کی شخصیت کی ہمہ جہت نشوونما، قائدانہ صلاحیتوں اور خود اعتمادی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مہمانانِ خصوصی پروفیسر چمن یاسمین اور پروفیسر فرحت سرور نے بھی طالبات کی صلاحیتوں کو سراہا اور نو منتخب عہدیداران کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر کالج انتظامیہ اور فیکلٹی ممبران نے مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ طالبات میں بھرپور جوش و خروش دیکھنے میں آیا۔ آخر میں قومی ترانہ پڑھا گیا، جس کے ساتھ یہ پروقار تقریب ایک یادگار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ 14

محکموں کے افسران نے اپنے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے ۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ضلع مری کی تعمیر و ترقی اور عوام کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 15

اسلم شیخ نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے دورے کے دوران سہولت ڈیسک کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر/انچارج، آئی پی او پاکستان ریجنل آفس لاہور، جناب معید امان رانا اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔ تقریب کے دوران ائی پی او کے حقوق، ٹریڈ مارک کی رجسٹریشن، برانڈ کے تحفظ، پیٹنٹس اور صنعتی ڈیزائنز کے حوالے سے آگاہی سیشن بھی منعقد کیا گیا۔ انہوں نے آٹومیشن اور ادارہ جاتی اصلاحات کے اثرات پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ٹریڈ مارک کے زیر التواء مقدمات میں نمایاں کمی ہوئی ہے ، جبکہ ٹریڈ مارک کی رجسٹریشن کا دورانیہ تقریباً دو سال سے کم ہو کر آٹھ ماہ رہ گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ائی پی او سے متعلق تنازعات کو بروقت حل کرنے کے لیے متبادل طریقہ حلِ تنازعات (ADR) کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے ۔ گوجرانوالہ چیمبر کی قیادت نے سہولت ڈیسک کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے مقامی کاروباری اداروں کو اپنے ٹریڈ مارکس، صنعتی ڈیزائنز اور برانڈز کے تحفظ میں مدد ملے گی۔ یہ اقدام صنعتی شعبے کے ساتھ روابط مضبوط بنانے ، دانشورانہ املاک سے متعلق آگاہی کو فروغ دینے اور جدت و صنعتی ترقی کی معاونت کے لیے آئی پی او پاکستان کے عزم کا عکاس ہے۔

بقیہ 16

جہاں تیز رفتار بس ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ حادثے میں 10 مسافر جاں بحق اور 32 زخمی ہوئے ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس مسافروں کو لے کر کراچی سے ڈیرہ غازی خان جا رہی تھی، حادثے کے فوری بعد ریسکیو اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور امدادی سرگرمیاں شروع کر دیں ۔ واضح رہے گزشتہ روز ملتان میں بھی تیز رفتار کار سڑک پر رکھے ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی تھی جس کے باعث 5 افراد جاں بحق ہو گئے تھے۔

بقیہ 17

کوہاٹ میں ڈینگی کے 975 کیسز رپورٹ ہوئے، جن میں 80 ایکٹو کیسز ہیں، جبکہ پشاور میں اکتوبر کے دوران 209 افراد میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق رواں ماہ بنوں میں 81، چارسدہ میں 37، ہری پور میں 34، ایبٹ آباد میں 21 جبکہ ہنگو اور نوشہرہ میں 20، 20 کیسز رپورٹ ہوئے۔ محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں رواں ماہ اب تک ڈینگی کے 1510 کیسز سامنے آ چکے ہیں، جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 99 افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ رواں سال صوبے میں ڈینگی کے مصدقہ کیسز کی تعداد 4091 ہو گئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈینگی سے متاثرہ ایک شخص کی موت بھی واقع ہوئی ہے۔

بقیہ 18

کوشش کی گئی، ناردرن بائی پاس بہاولپور پر پولیس نے دو موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی، پولیس کے روکنے پر ملزمان نے بھاگتے ہوئے فائرنگ کی۔ ملزم توقیر اپنے ساتھی کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا تاہم ملزم کا ساتھی موقع سے فرار ہو گیا۔ واضح رہے کہ ملزم توقیر نے گزشتہ روز کار کی ٹکر سے 15 سالہ لڑکے کو کچل دیا تھا، یتیم بچہ وسیم عباس ملزم توقیر کے غیر انسانی رویے سے تنگ آ کر کام نہیں کرنا چاہتا تھا۔ ہلاک ملزم توقیر نذیر کو جوڈیشل مجسٹریٹ نے 4 روزہ ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا تھا، عدالت میں پیشی کے دوران وکلا نے ملزم کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا تھا۔

بقیہ 19

پتنگ سازی کی اجازت دینے کیلیے انتظامی پلان تیار کر لیا گیا ہے، پتنگوں اور ڈور کی قیمتیں کنٹرول میں رکھنے کے لیے لائحہ عمل تشکیل دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ بسنت تہوار کے انعقاد کے لیے پنجاب حکومت قانون سازی کرے گی جب کہ پتنگ بازی کے حوالے سے حفاظتی اقدامات اور ضوابط قانون کا حصہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق بسنت تہوار کے لیے نامزد مقامات اور قواعد و ضوابط کا اعلان جلد متوقع ہے۔

بقیہ 20

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد سہیل نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے مجرم افتخار کو پھانسی کی سزا سنائی اور ساتھ ہی 5 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم بھی جاری کیا۔ عدالت نے 10 لاکھ روپے کی رقم متاثرہ لڑکی کو ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق عدالت نے زیادتی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی کفالت کے لیے مجرم کو 20 لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا ہے، فیصلہ میں بتایا گیا کہ مجرم اپنی سوتیلی بیٹی سے والدہ کی عدم موجودگی میں ایک سال تک مسلسل زیادتی کرتا رہا۔ عدالتی فیصلے میں مزید واضح کیا گیا کہ پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے ڈی این اے ٹیسٹ سے اہم شواہد ملے اور پیدا ہونے والے بچے کا ڈی این اے مجرم سے میچ کر گیا تھا۔ واقعے کا مقدمہ فروری 2025 میں متاثرہ لڑکی کی والدہ کی مدعیت میں تھانہ شہزاد ٹاؤن میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 21

مقدم کیا، اسحاق ڈار نے صدر مملکت اور وزیراعظم کی جانب سے مالدیپ کے صدر کو نیک خواہشات کے پیغامات پہنچائے۔ وزیر خارجہ نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے مالدیپ کے تجارتی وفد کی مالدیپ پاکستان بزنس فورم میں شرکت کا خیر مقدم کیا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے اپنے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی کو سراہا۔

بقیہ 22

جی درآمد کو ترجیح دی جائے گی، اسپاٹ ایل این جی خریداری میں 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو آخری حد ہو سکتی ہے۔

بقیہ 23

بہبود سیونگز سرٹیفکیٹ، پنشنرز بینیفٹ اکاؤنٹ اور شہدا فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ کا شرح منافع 12.72 فیصد سے بڑھا کر 12.96 فیصد کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 24

پانچ رکنی کمیشن نے بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران وفاقی سیکریٹری داخلہ اور الیکشن کمیشن حکام کمیشن کے سامنے پیش ہوئے، الیکشن کمیشن کے اسپیشل سیکریٹری ظفر اقبال ملک نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اسلام آباد میں چھ بار حلقہ بندیاں اور چار بار انتخابات کے شیڈول جاری کیے جا چکے ہیں۔ اسپیشل سیکریٹری کے مطابق بلدیاتی انتخابات کا آخری شیڈول 9 اکتوبر 2025 کو جاری کیا گیا تھا اور پولنگ فروری 2026 میں ہونا تھی، تاہم حکومت نے اس دوران آرڈیننس جاری کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ الیکشن کمیشن نے ڈیٹا اور نقشے حاصل کر کے حلقہ بندیوں کا عمل شروع کیا تھا، لیکن اسی دوران 6 ستمبر کو آرڈیننس کی مدت ختم ہو گئی۔

بقیہ 25

والد پر تشدد کیا اور اسے شدید زخمی کر دیا۔ واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث 2 مرکزی ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جبکہ واقعے سے متعلق مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 26

نے بلوچ پل کے قریب رکشے میں سوار مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ دو طرفہ فائرنگ کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں جبکہ دو دیگر ملزمان کو بغیر زخمی ہوئے گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت غلام شبیر، تنویر اور رکشہ ڈرائیور سمیر ضمیر کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کا تعلق گوپانگ گینگ سے ہے اور وہ کراچی پولیس کو متعدد وارداتوں میں مطلوب تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان شہر میں اسٹریٹ کرائم اور موبائل فون چھیننے کی درجنوں وارداتوں میں ملوث تھے۔ انہوں نے حالیہ دنوں میں گلستانِ جوہر، مبینہ ٹاؤن، بہادرآباد اور ملحقہ علاقوں میں بھی وارداتیں کی تھیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے تین غیر قانونی پستول، گولیاں، متعدد موبائل فونز اور نقدی برآمد ہوئی ہے، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ بھی تحویل میں لے لیا گیا۔

بقیہ 27

کے امور، تعاون کے مختلف امکانات اور دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے اسلام آباد کی بطور دارالحکومت پاکستان اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے شہر کو ایک جدید، خوبصورت، کھیلوں کے فروغ کا مرکز، سیاح دوست اور ماحول دوست دارالحکومت بنانے کے وژن پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ناروے کے سفیر کو سی ڈی اے کے جاری اقدامات سے آگاہ کیا، جن میں شہری ترقی، ماحولیاتی تحفظ، سیکٹرز کی ترقی، کھیلوں اور سیاحت کی سہولیات میں اضافہ اور ڈپلومیٹک انکلیو کی اپ گریڈیشن شامل ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد کو جدید، ترقی یافتہ، بہتر شہری سہولیات کے ساتھ ساتھ ماحول دوست مثالی دارالحکومت بنایا جائے گا۔ ملاقات کے دوران شہری ترقی، شہر کی خوبصورتی میں اضافے، ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور کھیلوں و سیاحت کے فروغ سمیت باہمی تعاون کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ناروے کے سفیر سگولڈ ہاؤگ نے اسلام آباد کی ترقی، خوبصورتی اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے سی ڈی اے کی جانب سے کی جانے والی شاندار کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں روابط کو مزید مضبوط بنانے اور تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ روابط کو مزید مستحکم بنانے اور مستقبل میں تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ملاقات خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جو پاکستان اور ناروے کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات، خیرسگالی اور باہمی تعاون کے جذبے کی عکاس ہے۔

بقیہ 28

بات چیت ہی چل رہی ہے۔ دوسری جانب مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 330 روپے تک پہنچ گیا ہے، خضدار، چاغی، واشک، کیچ اور دیگر اضلاع میں 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی۔ اس حوالے سے سیکرٹری خوراک بلوچستان کا کہنا ہے کہ پاسکو سے گندم خریدنے کیلئے بات چیت کر رہے ہیں، آٹے کی قیمت کا تعین اور ریٹ پر عمل درآمد کرانا محکمہ انڈسٹریز اور ڈپٹی کمشنرز کا کام ہے۔

بقیہ 29

میں وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے شرکت کی۔ پاکستان اور مالدیپ نے انفارمیشن ٹیکنالوجی، سائبر سکیورٹی اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کیا۔ اس کے علاوہ انسدادِ منشیات، سماجی تحفظ اور طبی شعبے میں اشتراک عمل کے حوالے سے بھی اتفاق کیا گیا، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان اور مالدیپ فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کے درمیان تعاون جبکہ طبی ماہرین کی بھرتی کے حوالے سے بھی مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ ہوا۔ دونوں ممالک نے دفاعی شعبے میں تعاون بڑھانے اور بحری سلامتی کے حوالے سے باہمی اشتراک کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ پاکستان اور مالدیپ نے زراعت اور ماہی گیری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے بھی مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا، تجارتی روابط کو مضبوط بنانے کیلئے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان اور مالدیپ کی اسٹیٹ ٹریڈنگ آرگنائزیشن کے درمیان تجارتی تعاون کی مفاہمتی یادداشت بھی شامل ہے۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان اور مالدیپ کی وزارتِ تعلیم کے درمیان اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، نوجوانوں کی ترقی اور کھیلوں کے فروغ کیلئے بھی مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ ہوا۔ اس کے علاوہ پاکستان کی نیشنل پولیس اکیڈمی اور مالدیپ پولیس سروس کے نیشنل کالج آف پالیسی اینڈ لاء انفورسمنٹ، جبکہ دونوں ممالک کے سول سروس کمیشنز کے درمیان بھی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک نے سیاحتی شعبے میں تعاون بڑھانے، فنونِ لطیفہ، ثقافت اور تاریخی ورثے کے تحفظ و فروغ اور فضائی روابط بہتر بنانے کیلئے بھی مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا۔ بعد ازاں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مالدیپ کے صدر کو دورہ پاکستان پر خوش آمدید کہتے ہیں، 11 سال بعد مالدیپ کے کسی صدر کا دورہ پاکستان اہمیت کا حامل ہے، دونوں ملکوں کے سفارتی تعلقات کے 60 سال مکمل ہو چکے ہیں، وقت کے ساتھ ساتھ دونوں ملکوں کے تعلقات مختلف شعبوں میں مضبوط ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صدر مالدیپ کے ساتھ تعمیری اور مثبت بات چیت ہوئی، ملاقات میں اقتصادی تعاون، تجارت، تعلیم، دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مالدیپ کے طلبہ کی بڑی تعداد پاکستانی اداروں میں زیرِ تعلیم ہے، پاکستانی ڈاکٹرز اور معاون طبی عملہ مالدیپ میں انسانیت کی خدمت کر رہا ہے، برادر ملک کی حیثیت سے مالدیپ کی مزید ضروریات کو بھی پورا کر کے خوشی ہوگی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری پر صدر معیزو کو مبارکباد دیتا ہوں، مالدیپ کے ساتھ دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کیلئے پرعزم ہیں، طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں کو عملی جامہ پہنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات کی ایک تاریخ ہے، دونوں ممالک کے قریبی برادرانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں بدلنے پر اتفاق ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ 2 سال میں دوطرفہ تجارتی حجم کو 13 ملین سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک لے جانے پر اتفاق ہوا ہے، تجارتی حجم میں اضافے کیلئے کوششوں کو تیز کریں گے، مالدیپ کو آئی ٹی کے شعبے میں تکنیکی معاونت فراہم کریں گے، مالدیپ اپنے ملک میں تیزی سے ڈیٹا سنٹرز بنا رہا ہے، امید ہے کہ صدر مالدیپ محمد معیزو کے دورہ پاکستان سے دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ مالدیپ مسئلہ فلسطین کی بھرپور حمایت کرتا ہے، پاکستان آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کیلئے اصولی مؤقف کی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان تنازعات کے پرامن حل پر یقین رکھتا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی امنگوں اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کرنا ہوگا، سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کا بھارتی فیصلہ ناقابل قبول ہے، عالمی سطح پر تسلیم شدہ معاہدوں پر عملدرآمد تمام ملکوں کی ذمہ داری ہے، پانی کا بطور ہتھیار استعمال برداشت نہیں کریں گے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پاکستان کا بہت واضح مؤقف ہے کہ پانی ہماری ریڈ لائن ہے، پاکستان کا پانی روکنے کی کوئی بھی کوشش جنگی اقدام تصور ہوگی۔

بقیہ 30

روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا۔ دستاویزات کے مطابق ستمبر کے دوران حکومت نے 3 ارب ڈالر کے بانڈز جاری کیے، جن میں سے 1.75 ارب ڈالر کے بانڈز پر شرح منافع 7.5 فیصد جبکہ باقی 1.25 ارب ڈالر کے بانڈز پر شرح منافع 7.9 فیصد ہے۔ ان بانڈز کی مدت 2036 میں مکمل ہوگی۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق 3 ارب ڈالر کے بانڈز سے حاصل ہونے والی رقم بجٹ سپورٹ کے لیے استعمال کی جا سکے گی، جبکہ اس کی ایگزیکیوٹنگ ایجنسی وزارت خزانہ ہے۔ مقامی کرنسی میں تبدیل کرنے پر اس رقم کی مالیت تقریباً 818 ارب روپے بنتی ہے۔ بانڈز کے علاوہ حکومت نے نان پراجیکٹ فنڈنگ، جس میں بجٹ سپورٹ اور مختصر مدت کے قرضے شامل ہیں، کی مد میں 17 ارب روپے قرض حاصل کیا۔ دستاویزات کے مطابق جولائی سے ستمبر کے دوران حکومت کو مجموعی طور پر 5 ارب 44 کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے اور گرانٹس موصول ہوئے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں موصول ہونے والے ایک ارب 81 کروڑ ڈالر کے مقابلے میں یہ رقم 3 ارب 63 کروڑ ڈالر زیادہ ہے۔ حکومت نے پہلی سہ ماہی کے دوران عالمی کمرشل بینک سے 30 کروڑ ڈالر کی میڈیم ٹرم قرض سہولت بھی حاصل کی۔ وزارت اقتصادی امور ڈویژن کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کے ذریعے حاصل ہونے والی رقوم میں نمایاں اضافہ ہوا، جبکہ اس عرصے میں 94 کروڑ 27 لاکھ ڈالر مالیت کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے۔

بقیہ 31

کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی کا اطلاق 30 روز تک کیلئے خفیہ طور پر تصاویر، ویڈیو اور آواز ریکارڈ کرنے والے آلات پر ہوگا۔ خفیہ کیمروں والی عینک، پین، کی چین وغیرہ کے استعمال سمیت دکانوں اور آن لائن خرید و فروخت پر پابندی ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق خفیہ ریکارڈنگ والے آلات سے شہریوں کی زندگی، حساس معلومات اور تنصیبات کی سکیورٹی کو خطرات لاحق ہیں، پابندی کا مقصد خواتین اور بچوں کی عزت اور نجی زندگی کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ اس کے علاوہ لیپ ٹاپ، ٹیبلٹس، موبائل فونز اور پی ٹی اے سے منظور شدہ ٹرمینل آلات پابندی سے مستثنیٰ قرار دیے گئے ہیں۔

بقیہ 32

سیکٹر آئی ایٹ مرکز، آئی ٹین مرکز اور تھانہ شمس کالونی کی حدود میں نسٹ گیٹ نمبر 2 کے مقام پر، جبکہ ایس پی صدر زون نے تھانہ سنبل کی حدود میں سیکٹر جی- 13 گراؤنڈ میں کھلی کچہریاں منعقد کیں۔ ان کھلی کچہریوں میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات پیش کیں۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے شہریوں کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری ازالے، بروقت دادرسی اور قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز پر بروقت اور مؤثر دادرسی فراہم کرنا، پولیس اور عوام کے درمیان براہِ راست رابطے کو مضبوط بنانا اور عوامی شکایات کا فوری حل یقینی بنانا ہے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کو انصاف کی فراہمی، ان کے مسائل کے بروقت حل اور عوام دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 33

اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 34

منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق اور ڈی آئی جی لا اینڈ آرڈر اٹریننگ محمد عتیق طاہر نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسلام آباد پولیس میں جاری بھرتیوں کے عمل اور انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ بھرتی کے تمام مراحل میرٹ اور شفافیت کے ساتھ مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ بعد ازاں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز، ایس ایس پیز اور زونل ایس پیز کے اجلاس میں امن وامان، انسدادِ جرائم، ٹریفک مینجمنٹ اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمتِ عملی اپنانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو بہتر پولیس خدمات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ اے ڈی ڈویلپمنٹ اور متعلقہ افسران نے منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت پر بریفنگ دی۔ آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 35

نے کہا کہ پاسکو سے گندم خریدنے کیلئے بات چیت کر رہے ہیں، آٹے کی قیمت کا تعین اور ریٹ پر عمل درآمد کرانا محکمہ انڈسٹریز اور ڈپٹی کمشنرز کا کام ہے۔

بقیہ 36

پی جی 600 روپے فی کلو تک پہنچ گئی، اوگرا اربوں روپے کی لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔

بقیہ 37

میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر چکے ہیں، اس لیے امید ہے کہ ان کی شمولیت سے علاقے میں ترقیاتی کاموں کا آغاز ہوگا۔

بقیہ 38

کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور قطر سے سستی ایل این جی درآمد کو ترجیح دی جائے گی، اسپاٹ ایل این جی خریداری میں 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو آخری حد ہو سکتی ہے۔

بقیہ 39

کے بعد 58 سالہ والد عزیز موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ ملزم لڑکا فرار ہو گیا۔ حکام کا کہنا تھا کہ مقتول کی لاش مقامی ہسپتال میں پوسٹ مارٹم کے لیے منتقل کر دی، واقعے کے حوالے سے مقتول کے بھائیوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ان کے مخالفین نے لڑکے کی ذہن سازی کر کے اسے اپنے ہی والد کے قتل پر اکسایا اور اس طرح قتل کی سازش تیار کی۔ پولیس حکام نے مزید بتایا کہ واقعے سے متعلق شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں اور مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں، پولیس کے مطابق تحقیقات مکمل ہونے کے بعد واقعے کی اصل وجوہات اور دیگر حقائق سامنے آ سکیں گے۔

بقیہ 40

کے لیے فوکل پرسن مقرر کیا گیا اور انہیں انتظامات کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی۔ حکومت بلوچستان کے خصوصی تعاون سے ہنگلاج ماتا استھان آنے والے ہندو یاتریوں کے لیے مختلف انتظامات کیے گئے اور سہولیات فراہم کی گئیں۔

بقیہ 41

کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں شیشہ کیفیز کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری ہیں، جن کے دوران عدالتی احکامات کے تحت بڑی تعداد میں کیفیز کو سیل کرنے کے ساتھ سامان بھی ضبط کیا گیا ہے۔ ای الیون، بحریہ سوک سینٹر سمیت اسلام آباد کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ کا تحریری فیصلہ آنے کے بعد شیشہ کیفیز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے ہدایت کی ہے کہ عدالتی احکامات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ تعاون نہ کرنے والے شیشہ کیفے مالکان کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں۔

بقیہ 42

سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے اتنے بڑے مالیاتی گھپلے کے ملزم کی گرفتاری پر متعلقہ افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، انتھک محنت اور موثر حکمت عملی کو سراہتے ہوئے انہیں شاندار کارکردگی پر مبارکباد پیش کی۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اسی جذبے، پیشہ ورانہ دیانت اور مستعدی کے ساتھ سائبر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھیں تاکہ شہریوں کو آن لائن مالیاتی فراڈ سے مکمل تحفظ دیا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ متاثرین کو فوری ریلیف کی فراہمی اور ان کی شکایات کا ازالہ ہر صورت اولین ترجیح کے طور پر یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 43

شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے تفتیشی ٹیم نے ملزم کو راولپنڈی کی حدود سے حراست میں لیا۔ ترجمان ایجنسی کے مطابق ملزم کے خلاف الیکٹرانک کرائمز کی روک تھام کے قانون (پیکا 2016) کی دفعات 16، 20 اور 24 کے تحت پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 34 اور 109 کے ساتھ باضابطہ ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے۔ واقعے کے مختلف پہلوؤں اور نیٹ ورک کی چھان بین کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 44

رجسٹرڈ ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے اس عرصے کے دوران 108,854 انسپکشنز کیں، 47,712 کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے، 08 کروڑ 07 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا اور 115 ایف آئی آرز درج کیں۔ کمشنر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ستمبر کے مہینے میں انسپکشنز میں 5 فیصد، جرمانوں میں 29 فیصد اور EPOs میں مئی کے مقابلے میں 197 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ لائسنسنگ ونگ نے ستمبر میں ریکارڈ ریکوری کی۔ کمشنر سلمان غنی نے ہدایت کی کہ عوام کو ملاوٹ سے پاک، خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے ۔ ناقص اور ملاوٹی خوراک بیچنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی ڈویژن میں فوڈ سیفٹی ٹیمیں (FSTs) 11 اہم مقامات پر تعینات ہیں، حالیہ کارروائی میں تھانہ وارث خان کے علاقہ میں 1400 کلوگرام ناقص گوشت سے بھری گاڑی (BVS 692) پکڑی گئی۔ کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ تمام اضلاع میں رجسٹرڈ ہاٹ سپاٹس کی 100 فیصد چیکنگ اور عوامی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے۔

بقیہ 45

الٹراساؤنڈ روم کا معائنہ کیا اور طبی عملے سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو سراہا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز عدنان انجم راجہ نے ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر مختار سرور خان نیازی کو ہدایت کی کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کو معیاری طبی سہولیات، بہتر علاج معالجے اور مناسب دیکھ بھال کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنے اور مریضوں کو سازگار ماحول فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا متعلقہ عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرے اور ہسپتال کے انتظامی امور کو مزید موثر بنایا جائے۔

بقیہ 46

موبائل فون، لاکھوں روپے مالیت کا گھریلو و دیگر سامان اور اسلحہ برآمد ہوا، منشیات سپلائرز سے ساڑھے 39 کلو سے زائد چرس برآمد ہوئی، راولپنڈی پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس و ٹیکنیکل ذرائع سے ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کیا، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 47

متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 48

فہرست، یعنی Top 2% Scientists in the World میں شامل کر لیا گیا جو ملک پاکستان اور شاہینوں کے شہر سرگودھا کے لئے باعث فخر ہے۔ یاد رہے کہ سرگودھا کے شہری ڈاکٹر ضیا اللہ خان درانی کا تحقیقی اشاریہ 23 (H-index) ہے جبکہ ان کی تحقیقی اشاعتوں کو مجموعی طور پر 1,850 مرتبہ حوالہ دیا جا چکا ہے۔ جن کی 108 تحقیقی اشاعتوں میں 70 سے زائد مقالات کیو ون (Q1) درجے کے بین الاقوامی تحقیقی جرائد میں شائع ہوئے ہیں۔

بقیہ 49

میں اضافے کے پیش نظر ماہرین نے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ دوسری جانب شہر میں صبح سویرے موسم میں خنکی محسوس کی گئی جبکہ درجہ حرارت 25 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہوا میں نمی کا تناسب 65 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 50

محمد اکمل نے ہدایت کی کہ اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنرز ذخیرہ اندوزی اور گراں فروشی کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ضروری سیلنگ کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور پرائس کنٹرول کے لیے کمزور کارکردگی کے حامل افسران اپنی کارکردگی بہتر بنائیں۔ اے ڈی سی نے واسا حکام کو شہر بھر میں مین ہولز کو فوری طور پر کور کرنے جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز کو نجی ہاسنگ سوسائٹیز کی انتظامیہ کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے طبی مراکز کی انسپکشن، آوارہ کتوں کی تلفی اور متعلقہ ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیا۔ اجلاس میں تجاوزات کے خاتمے، وال چاکنگ کے خلاف کارروائیوں، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کی نگرانی، واٹر فلٹریشن پلانٹس اور اسٹریٹ لائٹس کی انسپکشن سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 51

تحت کارروائی کو کالعدم قرار دے دیا، شہری محمد شاہد کے خلاف دفعہ 182 تعزیرات پاکستان کے تحت فوجداری کارروائی بھی ختم کر دی۔ جسٹس غلام سرور نیہنگ نے شہری محمد شاہد کی درخواست منظور کر لی، لاہور ہائیکورٹ نے ماتحت عدالتوں کے 26 فروری اور 24 مارچ 2025ء کے احکامات بھی کالعدم قرار دے دیے ۔ پراپرٹی ٹیکس ریکارڈ میں شناختی کارڈ نمبر کی غلطی درست ہونے پر شہری کے خلاف فوجداری کارروائی شروع کی گئی تھی۔ جسٹس غلام سرور نہنگ نے فیصلے میں کہا کہ محض الزام ثابت نہ ہونے پر شہری کو جھوٹی اطلاع دینے کا مرتکب قرار نہیں دیا جا سکتا، اطلاع جھوٹی ہونے کا علم اور بدنیتی ثابت کرنا ضروری ہے۔ عدالت نے کہا کہ محض معلومات غلط ثابت ہونے سے جھوٹی اطلاع دینے کا جرم ثابت نہیں ہوتا، نیک نیتی سے دی گئی اطلاع بعد میں ثابت نہ ہو تو شہری کو دفعہ 182 کے تحت مجرم نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ الزام ثابت نہ ہونا اور الزام جھوٹا ثابت ہونا دو مختلف باتیں ہیں، دفعہ 182 کے تحت کارروائی کے لیے متعلقہ سرکاری اہلکار کی تحریری شکایت ضروری ہے، مجاز سرکاری افسر کی تحریری شکایت کے بغیر دفعہ 182 کے تحت کارروائی قانونی تقاضوں پر پورا نہیں اترتی۔ فیصلے کے مطابق شہری کے خلاف کارروائی سے پہلے شوکاز نوٹس جاری کر کے وضاحت کا موقع دینا ضروری ہے، شہری کے خلاف دفعہ 182 کے تحت کارروائی جاری رکھنا عدالتی عمل کا ناجائز استعمال ہوگا۔

بقیہ 52

ٹھوس شواہد موجود نہیں تھے۔

بقیہ 53

ہوئے ٹریکٹر سے ٹکرا گئے جن کے نتیجہ میں تینوں نوجوان اور بچہ موقع پر جاں بحق ہو گئے جن کی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال جوہرآباد منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ متوفی تین سالہ بچہ متوفی فضل عباس کا بیٹا بتلایا جا رہا ہے ہیں۔

بقیہ 54

منصوبہ ہے جس کے تحت اب تک 51 شہروں میں 99 زیرِ زمین واٹر ٹینکس کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے جبکہ مزید 11 سٹوریج ٹینکس کی تعمیر آخری مراحل میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان ٹینکس میں 23 ملین گیلن برساتی پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہے۔ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" کے تحت 98 ڈرینز بھی مکمل ہو چکی ہیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ مختلف شہروں میں 1755 کلومیٹر سیور لائن کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اسی طرح 34 ڈسپوزل سٹیشنز کی تعمیر بھی شروع ہو چکی ہے۔ اگلے مون سون سے پہلے واٹر ٹینکس، ڈرینز اور سیور کو منسلک کر دیا جائے۔

بقیہ 55

مدیحہ کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اتائی کلینک کو عملہ تالہ لگا کر فرار ہو گیا، پولیس نے اتائی ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 56

گیا ہے۔ گاڑیوں، موٹر سائیکلوں پر جعلی یا فینسی نمبر پلیٹس کا استعمال قانون کی خلاف ورزی ہے۔ ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے گاڑیوں پر اصل اور قانونی نمبر پلیٹس استعمال کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔

خیبرپختونخوا، امتحانی مراکز کی نگرانی کیلئے مانیٹرنگ سکواڈز تشکیل

پشاور (این این آئی) محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے امتحانی عمل کی مؤثر نگرانی اور امتحانی مراکز میں بے ضابطگیوں کی روک تھام کے لیے مانیٹرنگ سکواڈز تشکیل دے دیے ہیں۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری ہدایات کے مطابق مانیٹرنگ سکواڈز امتحانی پرچوں کے آغاز سے قبل اچانک دورے کریں گے اور امتحان کے اختتام تک متعلقہ مراکز میں موجود رہیں گے۔ سکواڈز کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ امتحانی مراکز میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کریں اور ان کی روک تھام کے لیے اصلاحی اقدامات تجویز کریں۔ محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم اور متعلقہ تعلیمی بورڈز کے چیئرمینز کو امتحانی مراکز کی نگرانی سے متعلق روزانہ کی بنیاد پر رپورٹس فراہم کی جائیں گی تاکہ امتحانی عمل کی صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے۔ جاری ہدایات میں واضح کیا گیا کہ مانیٹرنگ سکواڈز صرف امتحانی عمل کی نگرانی تک محدود رہیں گے اور معمول کے معائنے کے دوران کسی دوسری سرگرمی میں حصہ نہیں لیں گے۔ ہدایت کے مطابق سکواڈ کا کوئی بھی رکن ایسے امتحانی مرکز یا ہال کا دورہ نہیں کرے گا جہاں اس کا کوئی رشتہ دار امتحان دے رہا ہو، تاکہ نگرانی کے عمل میں غیر جانب داری برقرار رکھی جا سکے۔

اسحاق ڈار سے صدر مالدیپ کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے ملاقات کی جس میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ نے مالدیپ کے صدر اور ان کے وفد کا پاکستان آمد پر پرتپاک خیر مقدم کیا، اسحاق ڈار نے صدر مملکت اور وزیراعظم کی جانب سے مالدیپ کے صدر کو نیک خواہشات کے پیغامات پہنچائے۔ وزیر خارجہ نے مالدیپ کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات کے فروغ کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، موسمیاتی تبدیلی اور سیاحت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے مالدیپ کے تجارتی وفد کی مالدیپ پاکستان بزنس فورم میں شرکت کا خیر مقدم کیا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے اپنے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی کو سراہا۔ قبل ازیں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس پہنچنے پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا، دونوں رہنماؤں کے درمیان مصافحہ اور خوشگوار جملوں کا تبادلہ ہوا۔ استقبالیہ تقریب کے آغاز پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی دی اور گارڈ آف آنر پیش کیا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ بھی کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مالدیپ کے صدر سے اپنی کابینہ کے ارکان کا تعارف کرایا جبکہ ڈاکٹر محمد معیزو نے شہباز شریف سے اپنے وفد کے ارکان کا تعارف کرایا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے وزیراعظم ہاؤس کے سبزہ زار میں پودا بھی لگایا، اس موقع پر دونوں ملکوں کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

آلودگی پر قابو پانے کے لئے پنجاب میں اینٹی اسموگ گن ٹیکنالوجی کا دائرہ کار مزید وسیع

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اسموگ کے تدارک کے لیے اینٹی اسموگ گن ٹیکنالوجی کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا گیا۔ لاہور کے بعد گوجرانوالہ میں بھی اینٹی اسموگ گنز کا باقاعدہ آپریشن شروع کر دیا گیا جبکہ شیخوپورہ، فیصل آباد اور ملتان میں بھی یہ آپریشن شروع کیا جائے گا۔ ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیئر شیخ کی نگرانی میں صوبے بھر میں آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف فیلڈ انفورسمنٹ اور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ محکمہ ماحولیات پنجاب کے مطابق صوبے بھر میں 0 7 2 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی، جن میں سے 7 یونٹس سیل جبکہ خلاف ورزیوں پر 6 1 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اینٹوں کے 3 4 4 بھٹوں کی بھی انسپکشن کی گئی، اس دوران 7 بھٹے مسمار اور 4 سیل کیے گئے۔ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر بھٹوں کو 9 1 لاکھ 0 5 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ ایک بھٹے کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کرائی گئی۔ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف کارروائیوں کے دوران 7 2 2 مقامات کی چیکنگ کی گئی، 9 مقامات سیل اور 0 4 8 کلوگرام غیر معیاری پلاسٹک ضبط کیا گیا۔ ان کارروائیوں میں 7 9 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ باربی کیو اور کمرشل کلنگ پوائنٹس کے خلاف کارروائی کے دوران 4 0 1 مقامات کی انسپکشن کی گئی۔ دھوئیں کی روک تھام کے لیے 8 4 مقامات پر سکشن ہڈز نصب کرائے گئے جبکہ خلاف ورزی پر 0 1 باربی کیو اور کمرشل کلنگ پوائنٹس سیل کر کے 0 6 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اڑتی دھول پر قابو پانے کے لیے 4 1 مقامات کی انسپکشن کی گئی، ایک مقام سیل کیا گیا اور 2 مقامات پر سپرنکلرز نصب کرائے گئے۔ ڈی جی ماحولیات کے مطابق آلودگی پھیلانے والے عناصر کی نگرانی کے لیے ڈرون، نائٹ اور ہاک آئی اسکواڈز کی مدد لی جا رہی ہے۔

آئی پی او پاکستان کے زیرِ اہتمام گوجرانوالہ کی کاروباری برادری کے لیے ائی پی او سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد

انٹلیکچوئل پراپرٹی کاروبار کا قیمتی اثاثہ ہے

صنعت کار اپنی ایجادات اور برانڈز رجسٹرڈ کروائیں، ڈائریکٹر جنرل آئی پی او پاکستان نعمان اسلم شیخ

مقامی مصنوعات کی مسابقتی صلاحیت اور جدت کے فروغ کے لیے ٹریڈ مارک، پیٹنٹس اور صنعتی ڈیزائنز کے تحفظ کی اہمیت پر زور

گوجرانوالہ (این ای این) انٹلیکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان (IPO-Pakistan) نے آل پاکستان ایلومینیم یوٹینسلز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (APAUMA) کے اشتراک سے گوجرانوالہ کی کاروباری برادری میں ائی پی او کے حقوق (IPRs) کی رجسٹریشن اور تحفظ کو فروغ دینے کے لیے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا۔ ڈائریکٹر جنرل آئی پی او پاکستان، (بقیہ نمبر 1)

سینئر پولیس افسران کی کھلی کچہریاں، موقع پر احکامات جاری

متعلقہ افسران نے شہریوں کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن، ایس پی انڈسٹریل ایریا زون اور ایس پی صدر زون نے کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس انوسٹی گیشن سلیمان ظفر نے جی الیون میں واقع اپنے دفتر میں، ایس پی انڈسٹریل ایریا زون نے (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف اور ریکٹر IIUI پروفیسر ڈاکٹر احمد سعد الاحمد، مالدیپ کے صدر کو اعزازی پی ایچ ڈی کی ڈگری پیش کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

بھرتیوں، ترقیاتی منصوبوں، امن و امان اور انسدادِ جرائم کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیرِ صدارت اہم اجلاسوں کا انعقاد کیا گیا جن میں بھرتیوں، ترقیاتی منصوبوں، امن و امان اور انسدادِ جرائم کا جائزہ لیا گیا جبکہ آئی جی نے 4C سینٹر کا دورہ کر کے پولیس آپریشنز اور سیکیورٹی انتظامات بہتر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیرِ صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس (بقیہ نمبر 34)

بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا

بلوچستان حکومت اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت پاسکو سے اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی، پچھلے کئی ماہ سے محکمہ خوراک بلوچستان اور پاسکو کے درمیان صرف بات چیت ہی چل رہی ہے۔ دوسری جانب مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 330 روپے تک پہنچ گیا ہے، خضدار، چاغی، واشک، کیچ اور دیگر اضلاع میں 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی۔ اس حوالے سے سیکرٹری خوراک بلوچستان (بقیہ نمبر 35)

سابق صوبائی وزیر و ممبر پنجاب اسمبلی ملک تنویر اسلم اعوان کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس چکوال میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس

چکوال میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور عوامی فلاحی اسکیموں کا جائزہ، ملک تنویر اسلم اعوان کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

عوامی فلاحی اسکیموں پر پیشرفت اور ضلعی افسران کی بریفنگ

وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی اقدامات پر محکموں کی بریفنگ، چکوال و تلہ گنگ کی انتظامیہ اور پارلیمنٹیرینز کی بھرپور شرکت

ارکانِ اسمبلی کی ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت؛ منصوبوں پر مؤثر عملدرآمد سے عوام کو ثمرات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور

چکوال (خاور شہزاد) سابق صوبائی وزیر و ممبر پنجاب اسمبلی ملک تنویر اسلم اعوان کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس چکوال میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع چکوال میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے شروع کی گئی مختلف عوامی فلاحی اسکیموں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران متعلقہ محکموں کے افسران (بقیہ نمبر 2)

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گلبرگ کے تحت ڈاکٹر عبدالقدیر خان ٹیک اسپیس کا افتتاح کر رہے ہیں

سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر

سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملک بھر میں سوئی ناردرن اور سدرن کو مجموعی مقامی گیس دستیابی ایک ارب 40 کروڑ مکعب فٹ ہے جبکہ سردیوں میں صرف پنجاب (بقیہ نمبر 38)

ٹھٹھہ، 12 سالہ لڑکے نے مبینہ قینچی کے وار سے باپ کو قتل کر دیا

سرزنش کرنے پر 12 سالہ لڑکے نے اپنے باپ کو مبینہ طور پر قینچی مار دی

ٹھٹھہ (این این آئی) اندرون سندھ کے علاقے ٹھٹھہ میں 12 سالہ لڑکے کے مبینہ قینچی کے وار سے باپ جاں بحق ہو گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق ٹھٹھہ کے علاقے گھارو میں افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں سرزنش کرنے پر 12 سالہ لڑکے نے اپنے باپ کو مبینہ طور پر قینچی مار دی۔ اطلاع ملنے پر پولیس بھی جائے وقوعہ پر پہنچی اور بتایا کہ بیٹے کے حملے (بقیہ نمبر 39)

چوآسیدن شاہ میں خبر کا فوری اثر، تاریں جلانے والا کباڑ خانہ سیل

چکوال روڈ پر کریش پلانٹس اور کوئلہ بھٹوں کے خلاف کارروائی کب ہوگی؟ عوامی و سماجی حلقوں کا EPA، محکمہ ماحولیات اور مقامی انتظامیہ سے دوٹوک سوال

عوامی و سماجی حلقوں کا ای پی اے اور انتظامیہ سے چکوال روڈ پر ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لینے کی اپیل

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) محلہ ریڈار روڈ میں رہائشی آبادی کے اندر واقع کباڑ خانے میں بجلی کی تاریں جلا کر کاپر حاصل کرنے اور اس دوران دھوئیں سے فضا کو آلودہ کرنے کا معاملہ منظرِ عام پر آنے کے بعد اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ خبر شائع ہوتے ہی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوآسیدن شاہ ناصر حسین کنول نے کارروائی کرتے ہوئے کباڑ خانہ سیل کروا دیا، جسے شہریوں کے لیے صاف ماحول کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ چیف آفیسر کے اس اقدام سے ماحولیاتی آلودگی کے خلاف انتظامی کارروائی کی اہمیت اجاگر ہوئی ہے، (بقیہ نمبر 3)

کباڑ خانے میں بجلی کی تاریں جلا کر کاپر حاصل کرنے والے کارخانہ کو سیل کیا جا رہا ہے

چکوال، ٹمپرڈ/جعلی نمبر پلیٹ استعمال کرنے پر ملزم کیخلاف مقدمہ درج

چکوال (این این آئی) ٹمپرڈ/جعلی نمبر پلیٹ استعمال کرنے پر ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیرِ نگرانی ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق دورانِ ناکہ بندی جانچ پڑتال کرنے پر ٹمپرڈ/جعلی نمبر پلیٹ استعمال کرنے والے ملزم محمد اکرم ولد عطاء محمد سکنہ محلہ فاروقیہ چوآسیدن شاہ کے خلاف تھانہ چوآسیدن شاہ میں مقدمہ درج کر لیا (بقیہ نمبر 56)

گورنر راج کے بعد جنوبی خیبر پختونخوا میں ترقی کی امیدیں بڑھ گئیں

بنوں (این این آئی) بنوں سمیت جنوبی خیبر پختونخوا کے عوام نے گورنر راج کے بعد سڑکوں، صحت اور تعلیم کے شعبوں کی بحالی اور ترقی کے حوالے سے امیدیں وابستہ کر لی ہیں۔ بنوں کے عوام نے صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری کے لیے نئی صوبائی حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے نئی ایڈوائزری کونسل کے ارکان کو قابل اور تجربہ کار قرار دیا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ایڈوائزری کونسل کے لیے منتخب ارکان ماضی (بقیہ نمبر 37)

ہندو برادری کے مذہبی تہوار میں ملک بھر سے یاتریوں کی شرکت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے تاریخی مذہبی مقام ہنگلاج ماتا استھان میں نوراتری کے موقع پر درگا اشٹمی کی پُروقار تقریبات منعقد ہوئیں، جن میں ملک بھر سے ہندو یاتریوں نے شرکت کی۔ تقریبات میں سیکڑوں پیدل یاتریوں سمیت ہندو برادری کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ بلوچستان کی پہلی ہندو خاتون اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری کو تقریبات (بقیہ نمبر 40)

3 ملزمان گرفتار، 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، چونترہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات (بقیہ نمبر 33)

لاہور، مضرِ صحت دودھ پینے سے بچہ جاں بحق

لاہور (این این آئی) لاہور کی نشتر کالونی میں مضرِ صحت دودھ پینے سے ایک بچہ جاں بحق ہو گیا، دوسرے کی طبیعت خراب ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق 2 سال کا بچہ ہسپتال میں دم توڑ گیا، 3 سال کا بچہ تشویشناک حالت میں زیرِ علاج ہے۔ والدین نے محلے سے کھلا دودھ خریدا تھا، پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کر دی۔

کراچی، 2 دن میں فی کلو ایل پی جی 150 روپے مہنگی ہو گئی

کراچی (این این آئی) کراچی میں فی کلو ایل پی جی کی قیمت 550 سے بڑھ کر 600 روپے ہو گئی۔ کراچی میں 2 دن میں فی کلو ایل پی جی 150 روپے مہنگی ہوئی ہے۔ اوگرا نے اکتوبر 2026ء میں فی کلو ایل پی جی کا بھاؤ 279.34 روپے مقرر کیا ہے۔ دوسری جانب چیئرمین ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر نے ایک بیان میں کہا کہ اوگرا نے اکتوبر کے لیے ایل پی جی کی قیمت 279 روپے فی کلو مقرر کی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں ایل پی جی 500 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ عرفان کھوکھر نے کہا ہے کہ پہاڑی علاقوں میں ایل (بقیہ نمبر 36)

چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا، ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان انسدادِ پولیو اقدامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شیشہ کیفیز کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد ہائی کورٹ کا شیشہ کیفیز پر پابندی سے متعلق تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے شیشہ کیفیز پر پابندی سے متعلق تحریری فیصلہ جاری ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ نے شیشہ کیفیز کے خلاف جاری کارروائیاں مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو کریک ڈاؤن میں تیزی لانے اور عدالتی احکامات پر من و عن عمل درآمد یقینی بنانے (بقیہ نمبر 41)

ڈی جی این سی سی آئی اے کی زیرِ صدارت اجلاس

35 ارب کے میگا فراڈ میں ملوث ملزم کی گرفتاری کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت زوم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایجنسی کی جانب سے کی گئی حالیہ کارروائی اور 35 ارب روپے کے مالیاتی فراڈ میں ملوث ملزم کی گرفتاری کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر حسن سجاد نقوی، ایڈیشنل ڈائریکٹر لاہور عاطف امیر اور ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور وقاص سعید نے شرکت کی اور کیس (بقیہ نمبر 42)

کراچی: جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی چین کے قونصل جنرل فینگ دی ہینگ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

عوام کو ملاوٹ سے پاک معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جائے

ناقص اشیاء بیچنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت

8 کروڑ روپے سے زائد کے جرمانے، 1 لاکھ 8 ہزار سے زائد انسپکشنز

کمشنر راولپنڈی کی زیرِ صدارت نارتھ زون پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی زیرِ صدارت نارتھ زون پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں راولپنڈی ڈویژن کے اضلاع کی جنوری تا 15 اکتوبر 2026 تک کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نارتھ زون میں راولپنڈی کی کل 24 تحصیلیں شامل ہیں۔ ان میں ضلع راولپنڈی میں 42,532 کاروبار، ضلع مری میں 3337، ضلع اٹک میں 9244، ضلع جہلم میں 10,691 اور ضلع چکوال میں 10,640 کاروبار (بقیہ نمبر 44)

این سی سی آئی اے کی راولپنڈی میں کارروائی

خاتون کو بلیک میل اور ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) اسلام آباد نے راولپنڈی میں کارروائی کرتے ہوئے ایک خاتون کو بلیک میل اور ہراساں کرنے کے الزام میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ حکام کے مطابق ملزم مبینہ طور پر مدعیہ کی ذاتی اور نجی تصاویر واٹس ایپ کے ذریعے اس کے اہلِ خانہ کو بھیج کر اسے بلیک میل اور ذہنی اذیت کا نشانہ بنا رہا تھا۔ متاثرہ خاتون کی جانب سے درج کرائی گئی (بقیہ نمبر 43)

کراچی: چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے کے پی ٹی کے سب انسپکٹر محمد طاہر کو ڈیجیٹل چیمپئن آف دی منتھ کیش ایوارڈ دیا جا رہا ہے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال کا دورہ

طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات، عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ

تلہ گنگ (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز عدنان انجم راجہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال کا دورہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے انتظامات، عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز نے ہسپتال کے مختلف شعبوں بشمول (بقیہ نمبر 45)

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کا سیالکوٹ چیمبر کے عہدیداران اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

راولپنڈی، رواں ماہ میں 10 گینگز کے 18 ملزمان

منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران 25 منشیات سپلائر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے رواں ماہ میں 10 گینگز کے 18 ملزمان جبکہ منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 25 منشیات سپلائرز گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگز اور منشیات سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے رواں ماہ میں 10 گینگز کے 18 ملزمان کو گرفتار کیا، منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 25 منشیات سپلائرز کو گرفتار کیا، گینگز سے 22 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم، 5 (بقیہ نمبر 46)

ایس ایس پی انوسٹیگیشن کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سنیں

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کیلئے (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی ڈویژن میں 16 لاکھ ایکڑ پر گندم کاشت کا ہدف مقرر

ملکی پیداوار میں پنجاب کا حصہ 70 فیصد سے زائد، راولپنڈی میں اب تک 5 لاکھ 8 ہزار ایکڑ رقبے پر کاشت مکمل

وزیرِ اعلیٰ پنجاب کی پالیسیاں زراعت دوست ہیں، بیج اور کھاد کی مقررہ نرخوں پر فراہمی و مانیٹرنگ یقینی بنائی جا رہی ہے، جام آفتاب حسین

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل کمشنر ریونیو راولپنڈی جام آفتاب حسین کی زیرِ صدارت ڈویژنل ویٹ (گندم) کمیٹی کا اجلاس بارانی یونیورسٹی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ایگریکلچر توسیع شاہد افتخار بخاری، کمیٹی کے متعلقہ اراکین اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر ایگریکلچر نے اجلاس کے شرکاء کو گندم کی کاشت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گندم (بقیہ نمبر 6)

پشاور: ممبر ایڈوائزری کونسل برائے منصوبہ بندی و ترقیات، عثمان سیف اللہ خان محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات میں اصلاحات پر بریفنگ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرگودھا کے نوجوان پروفیسر اور ریسرچر نے پاکستان کا نام دنیا میں روشن کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے نوجوان پروفیسر اور ریسرچر نے دنیا کے دو فیصد بہترین سائنس دانوں میں شامل ہو کر اپنے ملک پاکستان اور شاہنوں کے شہر کا نام پوری دنیا میں روشن کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ سلانوالی کے چک 163 شمالی قریشیاں والا کے نوجوان پروفیسر اور ریسرچر ڈاکٹر ضیاء اللہ خان درانی پی ایچ ڈی اپلائیڈ میتھمیٹکس کا نام دنیا کے دو فیصد بہترین سائنس دانوں کی (بقیہ نمبر 48)

ناقص کارکردگی پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو شوکاز نوٹس جاری

پرائس کنٹرول کیلئے کمزور کارکردگی کے حامل افسران اپنی کارکردگی بہتر بنائیں

سرگودھا (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے عوامی ریلیف اقدامات پر مؤثر عملدرآمد، پرائس کنٹرول میں بہتری اور شہری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے احکامات جاری کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ ناقص کارکردگی پر متعلقہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو شوکاز نوٹس جاری کئے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز چوہدری (بقیہ نمبر 50)

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست، شہریوں کو احتیاط کی ہدایت

لاہور (این این آئی) دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور پہلے نمبر پر آ گیا، شہر میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 265 ریکارڈ کی گئی جبکہ مختلف علاقوں میں آلودگی کی شرح 318 تک پہنچ گئی۔ فضائی آلودگی کے اعداد و شمار کے مطابق چمن پارک میں ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 318، برکی روڈ پر 299، ماڈل ٹاؤن میں 260، ڈی ایچ اے میں 257، بیدیاں روڈ پر 253 اور اقبال ٹاؤن میں 250 ریکارڈ کیا گیا۔ عسکری ٹین میں فضائی آلودگی کی شرح 178 رہی۔ فضائی آلودگی (بقیہ نمبر 49)

غلط انجکشن لگنے سے 5 سالہ بچی موت کے منہ میں چلی گئی

واقعے کے بعد عملہ کلینک کو تالہ لگا کر فرار ہو گیا، پولیس کی قانونی کارروائی شروع

لاہور (این این آئی) لاہور میں ایک اور زندگی اتائیت کی بھینٹ چڑھ گئی، سندر میں مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے سے 5 سالہ ننھی کلی ابدی نیند سو گئی۔ بتایا گیا ہے کہ سندر کی رہائشی مدیحہ کو طبیعت خراب ہونے پر قریبی کلینک لے جایا گیا جہاں اتائی ڈاکٹر کی جانب سے بچی کو انجکشن لگایا گیا۔ پولیس کے مطابق انجکشن لگتے ہی بچی کی طبیعت بگڑ گئی، بچی کو تشویشناک حالت میں سرکاری ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم دورانِ علاج 5 سالہ مدیحہ جانبر نہ ہو سکی۔ (بقیہ نمبر 55)

ن لیگ سرگودھا کے عہدیداروں کو نظم و ضبط اور باہمی اتحاد برقرار رکھنے کی ہدایت

سیاسی اختلافات کو ذاتیات تک نہ لے جایا جائے، باہمی احترام اور افہام و تفہیم ہی پارٹی کی اصل طاقت ہے، چوہدری شاہنواز رانجھا

کارکنان مخالفین کو تنقید کا موقع دینے کے بجائے حکومت کی عوام دوست پالیسیوں کی ترویج اور تنظیمی استحکام پر توجہ دیں، چوہدری شاہنواز رانجھا

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان مفاہمت کی یادداشتوں (MoUs) کے تبادلے کا مشاہدہ کر رہے ہیں

سرگودھا (نمائندہ خصوصی) ڈویژنل صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈویژن چوہدری شاہنواز رانجھا نے کہا ہے کہ سرگودھا سٹی کے پارٹی عہدیداران اور کارکنان ڈسپلن کا خیال رکھیں اور اپنے سیاسی اختلافات کو ذاتیات تک نہ لے جائیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پارٹی کا نظم و ضبط باہمی احترام اور اتحاد کسی بھی سیاسی جماعت کی مضبوطی کی بنیاد ہوتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) سرگودھا سٹی کے تمام عہدیداران اور کارکنان پارٹی ڈسپلن کا خصوصی خیال رکھیں اور اپنے طرزِ عمل سے جماعت کے (بقیہ نمبر 5)

الزام ثابت نہ کرنے پر شہری کو جھوٹا قرار نہیں دیا جا سکتا، لاہور ہائیکورٹ

الزام ثابت نہ ہونا اور الزام جھوٹا ثابت ہونا دو مختلف باتیں ہیں، عدالتی فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور: لاہور ہائیکورٹ نے بڑا قانونی نکتہ کے طے کر دیا، فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الزام ثابت نہ کر پانے پر کسی شہری کو جھوٹا قرار نہیں دیا جا سکتا۔ عدالت نے سرکاری ریکارڈ میں غلطی کی نشاندہی کرنے والے شہری کے خلاف دفعہ 182 کے (بقیہ نمبر 51)

گورنر راج کیس، ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے خیبر پختون خوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف دائر درخواستوں پر گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے فریقین کو 14 روز میں جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ درخواست گزاروں کے مطابق صوبائی اسمبلی کی منظوری کے بغیر ایمرجنسی نافذ کی گئی، جبکہ صدر کے پاس ایمرجنسی کے نفاذ کے لیے (بقیہ نمبر 52)

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیرِ صدارت پی ڈی پی کا جائزہ اجلاس

"مریم نواز کا سوہنا پنجاب" کے تحت 98 ڈرینز بھی مکمل ہو چکی ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیرِ صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اجلاس کے دوران پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری بلدیات خرم خان ورک، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود، اسپیشل سیکرٹری شاہد زمان لک اور دیگر متعلقہ افسروں نے بھی شرکت کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پی ڈی پی شہروں میں بنیادی میونسپل خدمات کی فراہمی کا بڑا (بقیہ نمبر 54)

موٹر سائیکل ٹریکٹر سے ٹکرا گیا، تین نوجوان اور بچہ جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ٹرک کو اوورٹیک کرتے ہوئے موٹر سائیکل کی ٹریکٹر سے ٹکرا جانے میں تین نوجوان اور تین سالہ بچے جاں بحق ہو گئے جن کی نعشوں کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروفِ تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ خوشاب میں موضع ٹکڑو شہید کی کھارا فیملی کے تین نوجوان فضل عباس، عمر حسن مسن عمر بچہ کے ساتھ موٹر سائیکل پر جوہر آباد سے گاں واپس جا رہے تھے کہ رودہ کے قریب تیز رفتار ٹرک کو اوورٹیک کرتے (بقیہ نمبر 53)

وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو، وزیرِ اعظم ہاؤس میں پاکستان اور مالدیپ کے درمیان مفاہمت کی یادداشتوں (MoUs) کے تبادلے کا مشاہدہ کر رہے ہیں

گوجرخان، تجاوزات مافیا بے لگام، پیرا فورس خاموش تماشائی

پیرا فورس کے دفتر سے چند سو گز دور شہر بھر میں تجاوزات کی بھرمار، اہلکاروں کو نظر کیوں نہیں آتیں؟

بازاروں میں خواتین اور بزرگوں کا چلنا محال، تجاوزات مٹانے والی فورس کی کارکردگی بے نقاب

پیٹرولنگ ہوتی ہے تو تجاوزات دکھائی کیوں نہیں دیتیں، گشت نہیں تو سرکاری فیول کہاں خرچ ہوتا ہے؟

تجاوزات کے خاتمے کے لیے بنائی گئی فورس خود سوالیہ نشان، پنجاب حکومت کارکردگی کا حساب دے

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان میں تجاوزات مافیا نے سروس روڈز، بازاروں اور اہم گزرگاہوں پر قبضے جما رکھے ہیں، بازاروں کے اندر ریڑھیوں، ٹھیوں، اسٹالز اور بے ہنگم موٹر سائیکل پارکنگ نے شہریوں کی آمدورفت مشکل بنا دی ہے۔ جنرل بس اسٹینڈ اور قصائی گلی کے سامنے انڈر پاس کے داخلی و خارجی راستے بھی تجاوزات کی زد میں ہیں۔ شہری حلقوں کے مطابق پیرا فورس کے دفتر سے چند سو گز کے فاصلے پر شہر بھر میں تجاوزات کی بھرمار ہے، مگر عملی کارروائی کوئی نہیں ہے۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب نے جس فورس کو تجاوزات کے خاتمے اور شہری نظم و ضبط کے لیے قائم کیا تھا، گوجرخان میں اسی فورس کی موجودگی کے باوجود تجاوزات پہلے سے بڑھ گئی ہیں۔ شہریوں نے سوال اٹھایا کہ اگر فورس کی تعیناتی کا مقصد عوامی راستے واگزار کرانا تھا تو بازاروں اور سروس روڈز پر قبضے برقرار کیوں ہیں؟ بلدیہ کا سابقہ انفورسمنٹ عملہ کم از کم وقتاً فوقتاً کارروائیاں کرتا تھا، مگر پیرا فورس کی آمد کے بعد صورتحال بہتر ہونے کے بجائے مزید بگڑتی دکھائی دے رہی ہے۔ دفتر (بقیہ نمبر 4)